Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | بدھ، 03 جون 2026، 17 ذوالحجہ 1447ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 52

راولپنڈی میں بسلسلہ محرم الحرام امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کیلئے اتحاد بین المسلمین کانفرنس کا انعقاد

ملکی استحکام اور امن و امان کو برقرار رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔مفتی ڈاکٹر انتخاب احمد نوری کا کانفرنس سے خطاب

پاکستان عالمی سطح پر امن کا مرکز بن کر ابھرا ہے جو دشمن سے ہضم نہیں ہورہا، چیرمین متحدہ علمائے بورڈ پنجاب وممبر نظریاتی کونسل پاکستان مفتی ڈاکٹر انتخاب احمد نوری

بسلسلہ محرم الحرام امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے منعقدہ اتحاد بین المسلمین کانفرنس میں مفتی ڈاکٹر انتخاب احمد نوری چیئرمین متحدہ علمائے بورڈ پنجاب وممبر نظریاتی کونسل پاکستان شرکاء کے ہمراہ ملک کی سلامتی اور استحکام کیلئے دعا مانگ رہے ہیں۔

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) راولپنڈی میں اتحاد بین المسلمین کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس کی صدارت مفتی ڈاکٹر انتخاب احمد نوری، چیئرمین متحدہ علمائے بورڈ پنجاب وممبر نظریاتی کونسل پاکستان نے کی۔ کانفرنس میں کمشنر راولپنڈی عامر خٹک، آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز الپا، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ، رکن قومی اسمبلی ہما اختر، اراکین پنجاب اسمبلی اسما ناز عباسی اور زیب النساء نے خصوصی شر(بقیہ نمبر 1)

ملک میں تیل وگیس کی پیداوار میں ہفتہ وار بنیادوں پر اضافہ

23 مئی کو ختم ہونے والے ہفتے میں خام تیل کی اوسط یومیہ پیداوار 70 ہزار 924 بیرل ریکارڈ

پیوستہ ہفتے میں ملک میں گیس کی اوسط یومیہ پیداوار 3028 ایم ایم سی ایف ڈی ریکارڈ کی گئی

اسلام آباد (یو این پی) ملک میں تیل وگیس کی پیداوار میں ہفتہ وار بنیادوں پر اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پی پی آئی ایس اور انڈسٹری کے اعدادوشمار کے مطابق 23 مئی (بقیہ نمبر 2)

حکومت کو ریونیو کی مد میں بڑا جھٹکا، پولٹری فیڈ ملز سے 4 فیصد اضافی ٹیکس کی وصولی غیر قانونی قرار

لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار، غیر رجسٹرڈ پولٹری فارمز کو فیڈ سپلائی کرنے پر اضافی ٹیکس عائد کیا گیا

لاہور (یو این پی) بجٹ سے چندروز قبل وفاقی حکومت کو ریونیو کی مد میں بڑا جھٹکا، وفاقی آئینی عدالت نے غیر رجسٹرڈ پولٹری فارمز کو فیڈ کی فراہمی پر عائد چار فیصد ٹیکس کو غیر قانونی قرار دے دیا، لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے(بقیہ نمبر 5)

قید تنہائی میں رکھا ہوا ہے، یہ عمران خان کی آنکھ میں آنکھ ڈال کر دیکھ بھی نہیں سکتے

جب بھی حکومت کو لگتا ہے عوام کا غصہ اور ٹمپریچر بڑھ رہا ہے، تو یہ خود کو بچانے کیلئے ڈیل کی باتیں اور افواہیں پھیلانا شروع کر

راولپنڈی (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان کا کہنا ہے کہ جب بھی حکومت کو لگتا ہے عوام کا غصہ اور ٹمپریچر بڑھ رہا ہے، تو یہ خود کو بچانے کیلئے ڈیل کی باتیں اور افواہیں پھیلانا شروع کر دیتے ہیں(بقیہ نمبر 4)

خاتون کو ورغلا کر زبردستی جنسی زیادتی کرنے والا جعلی پیر گرفتار

ملزم نے خاتون کو گھر میں اکیلا پا کر مبینہ طور پر زیادتی کی اور موقع سے فرار ہو گیا تھا

لاہور (یو این پی) لاہور کی کاہنہ پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے جعلی پیر کو گرفتار کر لیا، ترجمان پولیس کے مطابق ملزم نے چند روز قبل ایک خاتون کو ورغلا کر زبردستی زیادتی کی تھی۔ ترجمان کے مطابق ملزم(بقیہ نمبر 3)

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا ''میرا پیارا'' پراجیکٹ کو یو این گلوبل چیمپئن قرار دیئے جانے پر اظہار تشکر

پاکستان کے دو پراجیکٹ ورلڈ سمٹ انفارمیشن سوسائٹی کی ٹاپ لسٹ میں شامل

ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی ''میرا پیارا'' پراجیکٹ دنیا کے ٹاپ فائیو میں شامل، ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن بھی دنیا بھر کے ٹاپ 20 پراجیکٹس میں شارٹ لسٹ

ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی ''میرا پیارا'' نے 1 لاکھ 45 ہزار سے زائد گمشدہ بچوں کے کیس کی مثال قائم کی، 54 ہزار سے زائد گمشدہ بچوں کے لئے مؤثر کارروائی قابل تحسین ہے، مریم نواز

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ''میرا پیارا'' پراجیکٹ کو یو این گلوبل چیمپئن قرار دیئے جانے پر اظہار تشکر کیا ہے۔ تاریخ میں پہلی بار وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژنری اقدامات کی بدولت پاکستان کے دو پراجیکٹس کو اقوام متحدہ کی ورلڈ سمٹ انفارمیشن سوسائٹی نے ٹاپ لسٹ میں شامل کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی ''میرا پیارا'' پراجیکٹ کو دنیا کے ٹاپ فائیو میں شامل کیا گیا ہے۔ پنجاب کا ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن بھی دنیا بھر کے ٹاپ 20 پراجیکٹس میں شارٹ لسٹ کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ''میرا پیارا'' پراجیکٹ کی ٹیم کو ڈبلیو ایس آئی ایس کی طرف سے گلوبل چیمپئن قرار دیئے جانے پر شاباش دی ہے(بقیہ نمبر22)

وزیر اعظم محمد شہباز شریف سیکٹرل اصلاحات پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

راولپنڈی میں صرف 1300 روپے کا تنازعہ 2 جانیں لے گیا، دکاندار اور خریدار دونوں قتل

راولپنڈی (یو این پی) راولپنڈی میں محض 1 ہزار 300 روپے کے معمولی مالیاتی لین دین پر 2 نوجوانوں کے لرزہ خیز قتل کی واردات میں ملوث دونوں فریقین کے 7 ارکان(بقیہ نمبر 6)

پی آئی اے کا کارنامہ، ملتان کے حجاج کو جدہ چھوڑ کر روانہ، مسافروں کا احتجاج

کنفرم ٹکٹ تھی، مقررہ وقت سے دو گھنٹے پہلے ایئرپورٹ پہنچے، بورڈنگ کے وقت اتار دیا گیا

ملتان (یو این پی) پی آئی اے کا ایک اور کارنامہ، پی آئی اے کی پرواز جدہ سے ملتان کے حجاج کو چھوڑ کر روانہ ہوگئی۔ جدہ ایئرپورٹ پر مسافروں نے شدید احتجاج کیا، احتجاج کرنے والوں میں خواتین حجاج بھی شامل ہیں، حجاج کرام نے کہا کہ ہمارے پاس جدہ (بقیہ نمبر 23)

دعا چوک میں ہالی ووڈ طرز کا ڈرامہ، تیز رفتار ڈالے کی ٹکر، شہری زخمی، لاکھوں کا نقصان

ڈالہ باہر نہیں جا سکتا کی یقین دہانی، پھر صبح ہوتے ہی ملزم کیسے غائب ہوگیا

شہری نے خود ڈھونڈ نکالا ڈالہ، پولیس اب بھی مصروف، بحریہ ٹاؤن پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) بحریہ ٹاؤن کے دعا چوک میں پیش آنے والے ایک سنسنی خیز حادثے اور بعد ازاں مبینہ پولیس غفلت نے شہریوں میں تشویش کی لہر دوڑا دی۔ زخمی ہونے والے شہری اسد ظہیر کے مطابق وہ اپنی سوزوکی بولان کیری ڈبہ نمبر AHS-869 پر رات گئے راولپنڈی سے اپنے گھر کھڑکن جا رہے تھے کہ دعا چوک کے قریب ایک تیز رفتار سفید رنگ کا ریو ڈالہ نمبر B-711 (بقیہ نمبر 24)

اسسٹنٹ کمشنر مری کیپٹن (ر) ارشد اقبال محرم الحرام کے انتظامات اور سیکیورٹی امور کا جائزہ لینے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

شیخ رشید کی بیرونِ ملک سفر کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

راولپنڈی (یو این پی) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے سابق وزیر داخلہ شیخ رشید کی بیرونِ ملک سفر کی(بقیہ نمبر 25)

پنجاب لوکل گورنمنٹ بورڈ میں 7 سپرنٹنڈنٹس

لاہور (یو این پی) پنجاب لوکل گورنمنٹ بورڈ میں 7 سپرنٹنڈنٹس اور 6 سینئر کلرکس کی ترقی کے احکامات جاری کر دیئے گئے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں کی منظوری کے بعد پروموشن آرڈرز جاری کیے گئے۔ سیکرٹری پنجاب لوکل گورنمنٹ بورڈ (بقیہ نمبر 26)

محرم الحرام کے انتظامات اور سکیورٹی امور کا جائزہ

اسسٹنٹ کمشنر مری کی زیر صدارت اہم اجلاس

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام، جلوسوں اور مجالس کی سکیورٹی، ہنگامی خدمات کی فراہمی اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لینے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر مری کے دفتر میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صد(بقیہ نمبر 27)

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد ضلع شگر اور گانچھے کے بی آئی ایس پی دفاتر کے دورے کے دوران مستحق خواتین سے ملاقات اور ان کے مسائل سنتے ہوئے۔

بینظیر کفالت کی ادائیگیاں اب ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے ہوں گی

چیئرپرسن بی آئی ایس پی روبینہ خالد کا شگر و گانچھے کا دورہ، خواتین کو ڈیجیٹل والٹس اور مفت موبائل سمز کی اہمیت سے آگاہی

بینظیر ہنرمند پروگرام کے تحت خواتین اور خاندانوں کو سکل ٹریننگ فراہم کی جائے گی، روبینہ خالد

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد کے ضلع شگر اور گانچھے میں بی آئی ایس پی دفاتر کا دورہ، خواتین بینفشریز کو ڈیجیٹل والٹس، 15 جون سے قبل مفت موبائل کے حصول اور بینظیر ہنرمند پروگرام کی آگاہی۔ چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے آج ضلع شگر میں بی آئی ایس پی ڈسٹرکٹ آفس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے (بقیہ نمبر 7)

میں کسی کی برائی کر کے ووٹ نہیں مانگتا، ہم اپنی کارکردگی پر ووٹ مانگتے ہیں، نواز شریف

میرے جیسے بندے کا دیس نکالا کیوں ہونے دیا، کیوں مجھے ملک چھوڑ کر جانا پڑا، کیوں مجھے جیلوں میں ڈالا گیا

قصور آپ کا بھی ہے؛ سابق وزیراعظم کا گلگت بلتستان میں الیکشن مہم کے دوران عوام سے شکوہ

گلگت (یو این پی) مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان سی پیک کا مرکز ہے، کسی پارٹی نے یہاں کسی منصوبے کی اینٹ بھی نہیں لگائی، جس جی بی کو میں سینے سے لگا کر رکھتا تھا، گلگت بلتستان میں منصوبے شروع ہوتے ہیں اور ختم ہونے کا نام نہیں لیتے، ہمارے علاوہ کسی جماعت نے ادھر کام نہیں کیا، یہاں کی سڑکوں کا حال دیکھ کر بہت دکھ ہوتا ہے۔ انتخابی جلسے سے خطاب کرتے (بقیہ نمبر 21)

سٹی ٹریفک پولیس مری کی جانب سے موٹر سائیکل سواروں اور دیگر شرکاء میں حفاظتی ہیلمٹس تقسیم کئے جا رہے ہیں

لوئر ٹوپہ میں سٹی ٹریفک پولیس مری کے زیراہتمام ٹریفک آگاہی سیمینار

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) سٹی ٹریفک پولیس مری کی جانب سے نوجوان نسل میں ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی سے متعلق شعور اجاگر کرنے کے لیے لوئر ٹوپہ میں ایک جامع ٹریفک آگاہی سیمینار، واک اور کوئز پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں چیف ٹریفک آفیسر مری منیر احمد ہاشمی، اساتذہ، طلبہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر چیف(بقیہ نمبر10)

ریسکیو 1122 مری چوبیس گھنٹے عوامی خدمت کے لیے سرگرم

بروقت اور مؤثر ایمرجنسی سروسز کی فراہمی جاری

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 مری عوام کو بروقت، مؤثر اور پیشہ ورانہ ایمرجنسی سروسز کی فراہمی کے لیے شب و روز مصروف عمل ہے۔ ریسکیو 1122 کی ٹیمیں مری شہر سمیت پہاڑی اور دور افتادہ علاقوں میں کسی بھی ہنگامی صو(بقیہ نمبر 20)

وفاقی بجٹ پیش کیے جانے کی تاریخ میں تاخیر کا امکان

حکومت نے آئی ایم ایف مذاکرات اور گلگت الیکشن کے باعث 10 یا 12 جون کی تاریخوں پر غور

اسلام آباد (یو این پی) وفاقی حکومت کی جانب سے آئندہ مالی سال کے بجٹ کی پہلے سے طے شدہ تاریخ میں تبدیلی اور تاخیر کا قوی امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ آئندہ مالی سال کے لیے وفاقی بجٹ اب جمعہ 5 جون کو پیش کیے جانے کے بجائے 10 یا 12 جون کو(بقیہ نمبر 19)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈکوارٹر) راولپنڈی عبدالرحمن خان پوسٹ پولیو ایریڈیکیشن مہم اور ڈینگی سے بچاؤ وکنٹرول اقدامات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پوسٹ پولیو ایریڈیکیشن مہم اور ڈینگی سے بچاؤ وکنٹرول اقدامات کے حوالے سے اہم اجلاس

اجلاس میں محکمہ صحت سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) پوسٹ پولیو ایریڈیکیشن مہم اور ڈینگی سے بچاؤ و کنٹرول اقدامات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈکوارٹر) راولپنڈی عبدالرحمن خان کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ صحت(بقیہ نمبر 18)

PAQ اور راول فاؤنڈیشن نے مستحقین میں 2600 پیکٹ گوشت تقسیم کیا

چار روزہ مسلسل فلاحی سرگرمی، مستحق خاندانوں کو عید پر ریلیف فراہم

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے زیر اہتمام راول فاؤنڈیشن نے اس مرتبہ عیدالضحیٰ کے موقع پر چار دن مسلسل مستحقین میں گوشت تقسیم کیا جس میں 2600 پیکٹ گوشت کے شامل تھے۔ اس حوالے سے پاکستان عوامی قوت پارٹی کے (بقیہ نمبر 17)

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن

گوجرخان (قمر شہزاد) ایس ایچ او تھانہ گوجرخان مرزا طیب ظہیر بیگ کی قیادت میں گوجرخان پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے متعدد ا(بقیہ نمبر 13)

کراچی، نجی ایئرلائن کی حج پرواز جدہ سے 15 گھنٹے کی تاخیر سے پہنچی

کراچی (یو این پی) نجی ایئرلائن کی حج آپریشن کی پرواز پی کے 940 جدہ سے 15 گھنٹے کی تاخیر سے کراچی پہنچی۔ ایئرلائن ذرائع کے مطابق بوئنگ 777 طیارے میں 300 سے زائد حجاج پہنچے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ طیارے کی عدم دستیابی کے باعث پرواز تاخیر کا شکار ہوئی ہے۔ ایئرلائن ذرائع کے مطابق نجی ایئرلائن کا یہ حج آپریشن 30 جون(بقیہ نمبر 15)

عالمی سطح پر چین کی آواز بلند ہورہی ہے، چینی میڈیا

بیجنگ (یو این پی) تھیوس شنگریلا ڈائیلاگ حال ہی میں سنگاپور میں منعقد ہوئے۔ منگل کے روز چینی میڈیا کے مطابق تین دنوں کے اجلاس کے دوران دو مناظر لوگوں کے سامنے آئے۔ ایک طرف چینی نمائندوں نے موجودہ عالمی سلامتی کے چیلنجز کا سامنا کرتے ہوئے عالمی حکمرانی اور سلامتی(بقیہ نمبر 16)

حکومت بجٹ کو حقیقی معنوں میں عوام دوست بنائے، جے یو آئی (س)

پاکستان میں ٹیکس نظام کو سماجی انصاف کے اصولوں کے مطابق بنایا جائے

لاہور (یو این پی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، (بقیہ نمبر 8)

وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے ایک اہم منصوبے مانسہرہ-ناران-جھلکھنڈ-چلاس موٹروے (MNJC) کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

غیر استعمال شدہ بجلی یونٹس کی مد میں کھربوں روپے کی وصولی چیلنج

لاہور ہائیکورٹ میں دائر درخواست میں نیپرا، وفاقی حکومت سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے

لاہور (یو این پی) غیر استعمال شدہ بجلی یونٹس کی مد میں کھربوں روپے کی وصولی کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ درخواست میں نیپرا، وفاقی حکومت سمیت دیگر کو فریق بنایا (بقیہ نمبر 9)

شہر میں پانی کا بحران ختم کرنا اولین ترجیح، غفلت برتنے والے اہلکار گھر جائیں گے

ٹیوب ویلز کی مانیٹرنگ اور وال مینوں کی حاضری یقینی بنانے کے لیے سرپرائز چیکنگ کا فیصلہ

شہریوں کو شدید گرمی میں پانی کی بلاتعطل فراہمی کے لیے خود فیلڈ میں رہوں گا، سرکاری وسائل کا ضیاع برداشت نہیں کیا جائے گا، غلام قمر وڑائچ

گوجرخان (قمر شہزاد) نو تعینات چیف آفیسر بلدیہ گوجرخان غلام قمر وڑائچ نے چارج سنبھالتے ہی شہر میں پانی کے سنگین بحران اور فنی خرابیوں کا نوٹس لیتے ہوئے ہنگامی اقدامات کا اعلان کر دیا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی میں حائل رکاوٹیں دور کرنا ان کی اولین ترجیح ہے اور اس حوالے سے کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی(بقیہ نمبر 11)

یوکرین کے دارالحکومت کیف پر روسی حملے، 4 افراد ہلاک

کیف میں گیس اسٹیشن کو بھی آگ لگ گئی، شہر کے مختلف علاقوں میں بلیک آؤٹ

کیف (یو این پی) یوکرین کے دارالحکومت کیف میں 8 دھماکوں کی زوردار آوازیں سنی گئیں جس سے 4 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یوکرین کے دارالحکومت کیف میں 8 دھماکوں کی زوردار آوازیں سنی گئیں جس سے 4 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے، دھماکوں کے بعد شہر کے مختلف علاقوں میں بلیک آؤٹ ہوگیا۔(بقیہ نمبر 12)

کندھکوٹ میں واپڈا کی نجکاری کے خلاف ہائیڈرو یونین کا احتجاجی مظاہرہ و دھرنا

مظاہرے میں سینکڑوں مزدوروں، لائن اسٹاف اور دیگر ملازمین نے شرکت کی

کندھکوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھکوٹ میں پاکستان ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین کی مرکزی کال اور صدر عبداللطیف نظامانی کی ہدایات پر واپڈا کی مجوزہ نجکاری کے خلاف ملازمین نے بھرپور احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے دھرنا دیا۔ مظاہرے میں سینکڑوں مزدوروں، لائن اسٹاف اور دیگر ملازمین نے شرکت کی، جنہوں نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے (بقیہ نمبر 14)

کندھکوٹ میں واپڈا کی نجکاری کے خلاف ہائیڈرو یونین احتجاج کر رہی ہیں

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

اسرائیل کی توسیع پسندی اور مسلم دنیا کی بے حسی

ناجائز صیہونی ریاست کے توسیع پسندانہ عزائم اور جارحیت پر مبنی اقدامات مشرق وسطیٰ میں قیام امن کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔اس سلسلے کی ایک تازہ کارروائی میں غاصب صیہونی فوج نے لبنان کے اندر ایک اہم پہاڑی اور اس پر قائم تاریخی قلعہ بیوفورٹ یا شقیف کے قلعے پر قبضہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے جسے فوجی حکام کے مطابق پچھلے پچیس سال سے زیادہ عرصے میں لبنان کے اندر کی جانے والی سب سے گہری پیش قدمی قرار دیا جارہا ہے۔یہ کوئی معمولی فوجی پیش قدمی نہیں بلکہ ایک منصوبہ بند توسیع پسندانہ حکمتِ عملی کا حصہ ہے جو دہائیوں سے بتدریج آگے بڑھائی جارہی ہے۔وہ بیوفورٹ قلعہ جس پر کبھی صلاح الدین ایوبی جیسے عظیم سپہ سالار کا پرچم لہرایا کرتا تھا، آج اس پر ناجائز صیہونی ریاست کا جھنڈا لگا ہوا دکھائی دے رہا ہے اور یہ منظر صرف ایک قلعے کی فتح نہیں بلکہ یہ پورے عالمِ اسلام کی تذلیل کی علامت ہے لیکن مسلم دنیا کے حکمران جو دنیا کی تقریباً ایک چوتھائی آبادی کی نمائندگی کرتے ہیں انھیں اس بات کا احساس تک نہیں ہورہا۔غاصب صیہونی فوج نے اپنی کارروائیوں کا دائرہ مزید وسیع کرتے ہوئے دریائے لیطانی کو بھی عبور کیا ہے جو پہلے ایک غیر رسمی حد تصور کی جاتی تھی۔فوج نے جنوبی لبنان کے کئی علاقوں سے شہریوں کو انخلا کی ہدایت بھی کی ہے۔رہائشی عمارتوں پر بمباری، شہری آبادیوں کی نقل مکانی اور تاریخی مقامات پر قبضہ، یہ سب وہ اقدامات ہیں جنھیں مہذب دنیا دہشت گردی کے سوا کسی اور نام سے نہیں پکار سکتی۔اطلاعات کے مطابق، اسرائیلی فضائی حملوں میں مزید اکتیس افراد شہید ہوئے۔لبنانی ذرائع کا کہنا ہے کہ مارچ 2026ء سے اب تک دہشت گرد صیہونیوں کی کارروائیوں کے باعث تین ہزار دو سو تیرہ سے زائد افراد شہید ہو چکے ہیں۔یہ اعداد و شمار محض ہندسے نہیں بلکہ ہر ہندسے کے پیچھے ایک انسانی زندگی کی کہانی ہے جو مسلم امہ کی بے حسی کا اعلان کرتی ہے۔ادھر، ناجائز صیہونی ریاست کے وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے اعلان کیا ہے کہ اسرائیل شام، غزہ اور لبنان سمیت مختلف محاذوں پر اقدامات کر رہا ہے اور سرحدوں سے باہر سکیورٹی زون قائم کیے جارہے ہیں۔نیتن یاہو کی اس بیان بازی میں ''سکیورٹی زون'' کی اصطلاح دراصل قبضے اور الحاق کی پالیسی کی طرف اشارہ کرتی ہے۔گزشتہ پون صدی سے زائد عرصے کی تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی اسرائیل نے ''سکیورٹی'' کا حوالہ دیتے ہوئے کسی علاقے میں قدم رکھا وہاں سے اس کا واپسی کا سفر بہت طویل رہا یا پھر ہوا ہی نہیں۔ایک طرف ناجائز صیہونی ریاست کے یہ توسیع پسندانہ اقدامات جاری ہیں تو دوسری جانب غزہ کا المیہ ہے جو ان واقعات سے بھی زیادہ دلدوز ہے۔7 اکتوبر 2023ء سے اب تک جاری صیہونی دہشت گردی کے نتیجے میں غزہ میں محتاط اندازوں کے مطابق، 75 ہزار سے زائد افراد شہید ہو چکے ہیں جن میں اکثریت بچوں کی ہے۔

آزادی کی نعمت، شکر کی ذمہ داری

تحریر: سیدہ نزہت ایوب کاظمی، شہر: اسلام آباد

ہر دن ایک نیا امتحان، ہر دن مشکلات کے کہساروں کو سر کرنا، ہاں مگر اپنی بہادری سے، فہم سے وقت کو قابو رکھنا۔ بڑی آن بان شان سے انگاروں پر چلنا چلتے رہنا۔ ہر قدم ایک نیا جوش لئے جستجو و جنون کو سر کا تاج کیے عشق کے سفر پر گامزن رہنا، اس فکر سے آزاد کے اس راہ پر کتنی جانیں گھائل ہوئیں کتنی جان سے گئیں۔ دیکھنے والوں نے کہیں سمجھا، کہیں سراہا اور کسی نے طعن تک کر دیئے۔ مگر یہ عشق کے راہی ہر شے سے غافل حق کے پرستار، حیدری ع یلغار عام اذہانوں کی پہنچ سے کہیں دور صراط مستقیم کی چاہ میں، سچ کی راہ میں جان ہتھیلی پہ سجائے محوِ سفر ہیں، تھے رہیں گے ان شاءاللہ یہ ہے ہماری فوج، افواجِ پاکستان جو وطن کے دشمن کے سامنے کبھی نہ جھکی ہے، نہ دبی ہے ماشاءاللہ ہر پل ہر سانس صرف ڈٹی ہے۔ محترم قاری، بکرعید کی آمد آمد پر ہر مسلمان کا جوش دیدنی ہوتا ہے، ہر کوئی قربانی لینا چاہتا ہے صاحبِ حیثیت مسلمان ایک سے زائد قربانیاں بھی خریدتا ہے۔ اور چاہتا ہے اللہ کی راہ میں خوبصورت سے خوبصورت جانور کی قربانی پیش کرے۔ حکمِ الٰہی بھی یہی ہے کہ بے عیب جانور اس کی راہ میں قربان کیا جائے۔ عید کوئی بھی ہو یہ مومنین کے لئے "تحفہء پروردگار" ہے۔ یہ دن اسلامی کیلنڈر کے مطابق اپنے مخصوص ایام و تواریخ پر ہر مومن کی زندگی میں خوشی کے نوید ہے، باعث اعزاز ہے۔ بالخصوص مسلم گھروں میں عیدِ قربان کا انتظار سارا سال ہر چھوٹے بڑے کو رہتا ہے۔ گزری عید سے جڑی خوبصورت یادیں، کچھ کمی کچھ بیشی ضرور دامن گیر رہتی ہے۔ خوبصورت یادوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے کمی وبیشی کو نظر میں رکھتے ہر مسلم کی کوشش ہوتی ہے کہ اگلی عید الضحیٰ پر ضرور اعتدال سے چلے گے۔ دنیا میں جہاں جہاں بھی مسلمان آباد ہیں یہ ہر اس مسلمان کی کہانی ہے جس کی زندگی میں عید قربان ایک بار پھر سے آتی ہے۔ ماشاءاللہ خداداد اسلامی جمہوریہ پاکستان میں بھی پوری آزادی سے جوش جذبے کے ساتھ یہ دن منایا جاتا ہے۔ قربانی کا جانور خریدنے سے لے کر قربان کرنے تک ہر قسم کی آزادی۔ محترم قاری، یہ سوچ ہی سوہانِ روح ہے کہ مذہبی رسومات کی ادائیگی میں پابندیاں، آج کے زمانے میں اس دنیا کے ایک خطے میں ایسا بھی ملک ہے جہاں مسلمانوں پر اپنی مذہبی رسومات کی ادائیگیوں پر پابندیوں کا سامنا ہے اور وہ ہے ہمارا ہمسایہ ملک جہاں بسنے والے مسلم بہن بھائیوں کی زندگیاں گزر جاتی ہیں حکومت کو اپنی وفاداریوں کے ثبوت دیتے مگر بدلے میں حکمرانوں کے ہاتھوں بھروسے کے جنازے اٹھتے ہیں۔ ہاں بالکل، بالکل اس میں ذرا بھر جھوٹ نہیں آزادی کے موقع پر مشرقی اور مغربی پاکستان کے قائد، قائدِ اعظم محمد علی جناح رح نے یہی بات کہی تھی ان تمام مسلمانوں سے جنہوں نے بھارت سے الحاق کرتے کہا تھا کہ ہمیں آزاد اسلامی ریاست نہیں چاہئے ہم ہندوؤں کے ساتھ مطمئن ہیں۔ یہ یقیناً امتحان ہے بھارتی مسلمانوں کا ساتھ ہی ان مسلمانوں کا جو خودمختار اسلامی ریاست کے باشندے ہیں۔ دعا ہے رب پنجتن پاک علیہ السلام دنیا بھر کے ان تمام مسلمانوں کے لئے جو ظلم کے ستائے ہیں مذہب کو آسان بنائے، زندگی کو مشکلات سے بچائے آمین ثم آمین۔ بے شک کے دینِ اسلام آسانیاں پیدا کرنے والا دین ہے۔ محترم قاری، جو آزاد اسلامی ریاست میں سانس لیتے ہیں، جن کے محافظ جرائتوں کے نشان ہیں، جو وطن سے محبت کی آگ سینوں میں دبی رکھتے ہیں، جو آگ کے دریا میں کود کر عشق کا ذائقہ چکھتے ہیں، اس سرزمین اور اس میں بسنے والے باشندوں کو کوئی میلی انکھ سے نہیں دیکھ سکتا، اس کا ثبوت پاکستان و افواجِ پاکستان ,زمانے کے سامنے ہے۔ ہم آزادی کی زندگی اور آزاد وطن پر رب یکتا کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتے ہیں۔ جس نے ہمیں لازوال نعمتوں میں سے ایک آزادی کی نعمت سے نوازا۔ محترم قاری، قومیں صرف مضبوط افواج، بلند عمارتوں یا ترقی یافتہ شہروں سے نہیں بنتیں بلکہ ان کے اصل معمار با کردار اور ذمہ دار شہری ہوتے ہیں۔ اگر ہم اپنے معاشرے میں بہتری چاہتے ہیں تو ہمیں دوسروں کی اصلاح سے پہلے اپنی اصلاح کا سفر شروع کرنا ہوگا۔ جھوٹ، بددیانتی، حسد، نفرت اور قانون شکنی جیسی برائیوں سے خود کو دور رکھنا ہوگا۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ وطن سے محبت صرف نعروں کا نام نہیں بلکہ اپنے فرائض کی دیانتدارانہ ادائیگی، صفائی کا خیال رکھنے، قانون کا احترام کرنے، ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے اور قومی مفاد کو ذاتی مفاد پر ترجیح دینے کا نام ہے۔ جب پاکستانی عوام اپنے کردار، گفتار اور عمل میں سچائی، برداشت اور ذمہ داری کو جگہ دے گی تو یہی معاشرہ مزید مضبوط پر امن اور ترقی یافتہ بنے گا۔ یاد رکھیئے ایک اچھا شہری ہی ایک مضبوط قوم کی بنیاد ہوتا ہے اور مضبوط قومیں ہی اپنے وطن کو ناقابلِ تسخیر بناتی ہیں اپنے کالم کے موضوع کو سمیٹتے ہوئے اپنے قاری کے سامنے مولا علی علیہ سلام کے ایک فرمان کا تذکرہ کرنا چاہوں گی۔ آپ علیہ السلام فرماتے ہیں جب لکڑی میں آگ لگتی ہے تو راکھ تو بچ جاتی ہے مگر جلے ہوئے نشان ہمیشہ رہ جاتے ہیں۔ اسی طرح انسان اپنی توہین معاف تو کر سکتا ہے پر بھول نہیں سکتا۔ مولا علیہ السلام فرماتے ہیں جب کوئی تمہیں بے عزت کرتا ہے تمہیں سب کے سامنے نیچا دکھاتا ہے تو وہ زخم دل میں گہرا ہو جاتا ہے تم معاف کر دیتے ہیں کیونکہ تمہارے رب نے تمہیں معافی سکھائی ہے مگر وہ پل، وہ لمحہ تم کبھی بھولتے نہیں یہ اس لئے نہیں کہ تم بدلہ لینا چاہتے ہو بلکہ اس لئے کہ اس انسان کی اصلیت تمہیں پتہ چل گئی اب تم جانتے ہو کہ کون تمہارے قابل ہے اور کون نہیں۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ اس لئے معاف کرنا سیکھو کیونکہ یہ تمہارے دل کے بوجھ کو ہلکا کرتا ہے۔ مگر بھولنے کی کوشش مت کرو کیونکہ وہ تمہیں سبق سکھاتا ہے، یاد رکھو! معافی بڑوں کا کام ہے مگر سبق یاد رکھنا عقلمندوں کا۔

ادرک کئی بیماریوں کا شفا بخش علاج

لاہور (این ای این) غذائیت اور فوائد سے بھرپور جڑ کی شکل والی یہ سبزی انسانی صحت کے لئے کئی فوائد اپنے اندر سموئے ہوئے ہے۔ زکام، فلو، گلے کی خراش ادرک بہت سارے ایشیائی ممالک میں سردی اور فلو کے خلاف قدرتی دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ جرنل آف اتھنوفرماکولوجی میں شائع ہونے والی ایک تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ تازہ ادرک میں سانس کی نالیوں کے انفیکشن کے خلاف اینٹی وائرل خصوصیات پائی جاتی ہیں۔ یہ گلے کی سوجن اور کھانسی سے نجات دلانے کے لئے چائے کے طور پر استعمال کی جاسکتی ہے۔ متلی کی کیفیت سے نجات نیوٹریشن جرنل کی تحقیق کے مطابق ادرک کا استعمال متلی اور قے کی کیفیت سے نجات دیتا ہے۔

کیا لکھنا؟

تحریر: نصرت جاوید

بہت کوشش کے باوجود اس کالم نگار کا نام یاد نہیں کر پارہا۔ کاہلی کی نحوست مسلط نہ ہوچکی ہوتی تو انکل گوگل کو زحمت دے کر نام معلوم کیا جاسکتا تھا۔ یہ سوچ کر مگر کوشش نہ کی کہ نام میں کیا رکھا ہے۔ اصل بات جو بتانا ہے وہ یہ ہے کہ موصوف برطانیہ سے شائع ہونے والے گارجین اخبار کے بہت دھانسو کالم نگار ہوا کرتے تھے۔ 1980ء کی دہائی کے آغاز میں انہیں سرطان کے موذی مرض کا شکار بتاتے ہوئے ڈاکٹروں نے دنیا سے رخصت ہونے کو تیار کیا۔ اپنے کالموں سے طاقتور سیاستدانوں کی بھد اڑانے والے اس کالم نگار نے مگر ہمت نہ ہاری۔ فیصلہ کیا کہ جب تک زندہ ہے لندن رہنے کے بجائے اپنے ملک کے تقریباً ہر گاؤں میں کچھ دن گزارنے کے بعد وہاں کی زندگی کو کالموں میں بیان کرے گا۔ ٹھکانے بدل بدل کو دیہی زندگی کے بارے میں اس کے لکھے کالموں نے لندن کی اشرافیہ کو حیران وپریشان کردیا۔ ذاتی محفلوں میں اعتراف کرنے کو مجبور ہوئے کہ وہ اپنے ہی ملک کے ٹھوس حقائق سے قطعاً غافل ہیں۔ 1980ء کی دہائی شروع ہوتے ہی میں نے بھی لندن میں 16 سے زیادہ ماہ گزارے تھے۔ ارادہ تھا کہ اعلیٰ تعلیم حاصل کروں گا۔ کل وقتی صحافت کی لت لگ چکی تھی۔ وطن لوٹنے کو بے قرار رہتا۔ بدھو بالآخر لوٹ کر گھر کو آیا تو اسلام آباد کے روزنامہ ''دی مسلم'' کا رپورٹر ہوگیا۔ سیاست ان دنوں پابند تھی۔ اخبار چھپنے سے پہلے سنسر کے لئے بھجوایا جاتا۔ میں نے سفارتی وثقافتی تقاریب کے بارے میں کالم لکھنا شروع کردئے۔ ان کی وجہ سے دانشور تصور ہونے کے باوجود بہت چاؤ سے جرائم کی خبریں ڈھونڈنے کا جنون بھی جاری رکھا۔ ہمارے اخبار کی لائبریری کے لئے برطانوی سفارتخانے کا شعبہ ابلاغ ٹائمز اور گارجین اخبار بھجوایا کرتا تھا۔ شائع ہونے کے تقریباً ایک یا دو روز بعد ہماری لائبریری میں میسر ہوتے۔ نیوز ایڈیٹران سے رجوع کرنا وقت کا زیاں شمار کرتے۔ میں انگریزی زبان پر گرفت کے حصول کے لئے ان اخبارات کا بے تابی سے منتظر رہتا۔ دونوں اخبار ہاتھ لگتے ہی مگر سب سے پہلے گارجین کھول کر اس کالم نگار کی تحریر تلاش کرتا جو لندن کی روشنیاں چھوڑ کر مرنے سے قبل ترکے کے طور پر برطانیہ کے دیہاتوں تک محدود ہوئے عام انسانوں کی داستانیں لکھ رہا تھا۔ ربّ کا لاکھ لاکھ شکر۔ عمر کے آخری حصے میں داخل ہونے کے باوجود مجھے ابھی تک صرف فشار خون کے مرض میں مبتلا بتایا گیا ہے۔ ڈاکٹر مصر ہیں کہ روزمرہ زندگی کے معمولات میں تھوڑی تبدیلیاں، دن میں آدھے گھنٹے کی چہل قدمی اور دوائیوں کے باقاعدہ استعمال سے میں جب تک ربّ کو منظور ہے زندہ رہ سکتا ہوں۔ فکر کی کوئی بات نہیں۔ نظر بظاہر صحت مند زندگی کے مزید سال میسر ہونے کے باوجود گزشتہ کئی مہینوں سے یہ سوال تنگ کئے چلے جارہا ہے کہ لکھوں تو کیا لکھوں مگر اور کس کے لئے لکھوں۔ زندگی کی تین دہائیاں سیاست اور خارجہ امور پر لکھتے ہوئے گزاردیں۔ 1980ء کی دہائی میں ہر دوسرا سیاستدان مجھے دل سے وطن عزیز میں جمہوریت کے قیام واستحکام کے لئے فکر مند نظر آتا۔ جنرل ضیاء کی 1988ء میں رحلت کے بعد یہ ہی سیاستدان مگر اپنا عہد نبھانے میں ناکام رہے۔ ایک دوسرے کے مینڈیٹ کو خلوص سے تسلیم کرنے کے بجائے محلاتی سازشوں سے کسی بھی حکومت کو آئینی مدت پوری نہ کرنے دی۔ اقتدار میں باریاں لینے کو بے تاب سیاستدانوں نے جنرل مشرف کو اقتدار سنبھالنے کی راہ دکھائی۔ موصوف کے دور میں بھی مجھ جیسے بے وقوف ''اصل جمہوریت'' کے متلاشی رہے۔ دریں اثناء 2007ء میں ان دنوں کے چیف جسٹس افتخار چودھری نے مستعفی ہونے سے ''انکار'' کرتے ہوئے آزاد عدلیہ کی تحریک بھڑکائی۔ میرے دیرینہ دوستوں میں سے نمایاں ترین چودھری اعتزاز احسن اس تحریک کے قدآور رہ نماؤں میں شامل تھے۔ عدلیہ کو ''ماں جیسی'' بنانے کا ترانہ سناتے رہے۔ میرا وہمی دل افتخار چودھری کو مسیحا ماننے سے جبلی طور پر آمادہ نہ ہوا۔ قوم مگر پُرامید تھی۔ دریں اثناء امریکہ کا جی صدر بش کے ''جگری یار'' مشرف سے بھر گیا۔ واشنگٹن کو گماں تھا کہ افغانستان میں جمہوریت اور روشن خیالی فقط اسی صورت ممکن ہے اگر مشرف کو پیپلز پارٹی جیسی عوام میں مقبول اور روشن خیال جماعت کی حمایت ومعاونت بھی میسر ہوجائے۔ نئے انتخابات کے لئے دباؤ بڑھا تو سعودی عرب جلاوطن کئے نواز شریف بھی وطن لوٹ آئے۔ ''میثاق جمہوریت'' نامی دستاویز پر دستخط کے باوجود دونوں جماعتیں مگر جمہوری نظام کے استحکام کے وعدے پر حقیقی معنوں میں عمل نہیں کر پائیں۔ 2008ء کے انتخابات سے قبل محترمہ بے نظیر بھٹو کو بھی راولپنڈی کے لیاقت باغ کے عین قریب دہشت گردی کی وجہ سے شہید کردیا گیا۔ میں آج بھی اس قتل کے حقیقی ذمہ داروں کے نام نہیں جانتا۔ ان کی جماعت نے بھی ان کے قتل کو ''پراسرار'' رکھنے سے سمجھوتہ کرلیا ہے۔ عام شہری ہوتے ہوئے مجھے ''توں کون؟ میں خواہ مخواہ'' بننے کا شوق نہیں۔ وقت بہرحال بہتے پانی کی طرح گزرتا چلا گیا۔ 2008ء سے 2013ء تک آصف علی زرداری کی سرپرستی میں بنایا بندوبستِ حکومت ''صبح گیا یا شام گیا'' کے مستقل تاثر کے باوجود برقرار رہا۔ اسے قائم رکھنے کے لئے فقط یوسف رضا گیلانی کی بطور وزیراعظم قربانی دینا پڑی۔ اپنے ہی ملک اور جماعت کے صدر اور سربراہ کی مبینہ طور پر ناجائز ذرائع سے کمائی دولت کا سراغ لگانے کے لئے وہ عوامی تحریک کی بدولت بحال ہوئے چیف جسٹس کے حکم پر سوئس حکومت کو خط نہ لکھ پائے۔ توہین عدالت کے جرم میں فارغ ہوگئے۔ ان ہی دنوں افتخار چوہدری کے ہاتھوں آصف علی زرداری بھی نام نہاد ''میموگیٹ'' کی وجہ سے گھر بھیجے جاسکتے تھے۔ قسمت مگر اچھی تھی۔ بچ رہے اور ایوانِ صدر میں پانچ سال مکمل کرلئے۔ ان کے بعد نواز شریف صاحب کی تیسری حکومت آئی تو سپریم کورٹ نے ایک اور وزیراعظم کو جھوٹا اور خائن قرار دے کر گھر بھیج دیا۔ اپنی فراغت کے بعد وہ ''ووٹ کو عزت دو'' کی دہائی مچاتے جیل گئے۔ وہاں سے لندن اور ان دنوں وطن لوٹ کر بھی منیر نیازی کی طرح اُکتائے ہوئے رہتے ہیں جبکہ ان کے بردار خورد وزیراعظم شہباز شریف کو امریکی صدر اور وزیر جنگ اپنا یار کہتے ہیں اور دختر ماشاءاللہ اٹک سے رحیم یار خان تک پھیلے ہمارے آبادی کے اعتبار سے سب سے بڑے صوبے کی وزیر اعلیٰ ہیں۔ آصف علی زرداری بھی ایوان صدر واپس لوٹ آئے ہیں۔ جمہوریت نام تھا جس کا وہ مگر ہائی برڈ ہوچکی ہے۔ سیاست کے بارے میں لہٰذا اب حبیب جالب مرحوم کی وہ غزل ہی یاد کرسکتا ہوں جس کی ردیف ہے ''کیا لکھنا؟'' سیاست ہائی برڈ ہوجائے تو اس کی اصل بحال کرنے کو چست سیاستدان درکار ہوتے ہیں۔ عددی اعتبار سے اب بھی قومی اسمبلی میں وہ گروہ سب سے توانا ہے جس نے 8 فروری 2024ء کے روز عمران خان

سپورٹس SPORTS

محمد رضوان فرسٹ چوائس ہیں، میں اُن کی جگہ نہیں لے رہا: غازی غوری

قومی ٹیم میں آنے کا موقع ملا ہے جس کا بھرپور فائدہ اُٹھانا چاہوں گا

لاہور (یواین پی) پاکستان کے نوجوان وکٹ کیپر بیٹر غازی غوری کا کہنا ہے کہ پرفارمنس سے ٹیم کو فائدہ ہو تو اس سے اعتماد میں اضافہ ہوتا ہے، ایسا نہیں ہے کہ میں محمد رضوان کی جگہ لے رہا ہوں، وہی فرسٹ چوائس ہیں، مجھے موقع ملا اور اس موقع سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کر رہا ہوں۔ نجی ٹی وی کے مطابق لاہور میں پریکٹس سیشن کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستان کے نوجوان وکٹ کیپر بیٹر غازی غوری کا کہنا تھا کہ اُنہیں قومی ٹیم میں آنے کا موقع ملا ہے جس کا وہ بھرپور فائدہ اُٹھانا چاہیں گے۔

☆☆☆

بابر اعظم نے جاوید میانداد کا ریکارڈ نشانے پر رکھ لیا

31 سالہ بابر اعظم اب تک آسٹریلیا کے خلاف 14 میچز میں 68.63 کی اوسط سے 755 رنز سکور کر چکے

لاہور (یواین پی) سٹار بیٹر بابر اعظم نے لیجنڈری ظہیر عباس کا ریکارڈ توڑ ڈالا ہے اور اب ان کا ہدف جاوید میاں داد سے آگے نکلنا ہے۔ طویل عرصے سے آؤٹ آف فارم پاکستان کے اسٹار بیٹر بابر اعظم کی فارم جب سے واپس آئی ہے، وہ ہر میچ میں کوئی نیا ریکارڈ بنا یا کسی کا ریکارڈ توڑ رہے ہیں۔

☆☆☆

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان لاتعلقی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی

تحصیلدار و راشتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔

Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

نیشنل جونیئر ایتھلیٹکس چیمپین شپ کی تیاریاں عروج پر ہیں

اسلام آباد (یواین پی) ایتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان کے زیر اہتمام، خیبر پختونخوا ایتھلیٹکس ایسوسی ایشن اور ڈائریکٹوریٹ جنرل آف اسپورٹس خیبر پختونخوا کے تعاون سے نیشنل جونیئر ایتھلیٹکس چیمپین شپ 7 جون سے قیوم اسٹیڈیم، پشاور میں شروع ہوگی۔ گزشتہ روز ایتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان کے صدر بریگیڈیئر ریٹائرڈ وجاہت حسین نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں اور چیمپئن شپ میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لیں گے۔ چیمپئن شپ 10 جون تک جاری رہے گی۔

امپائر پر حملے کا خمیازہ: ٹم ڈیوڈ آئی پی ایل 2027ء سے معطل

ٹم ڈیوڈ نے اپنے اس غلط رویے کا اعتراف کر لیا ہے اور سزا کو قبول کیا ہے

احمد آباد (یواین پی) احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنز کے خلاف کھیلے گئے انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) 2026ء کے فائنل میچ کے دوران ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر رائل چیلنجرز بنگلورو (آر سی بی) کے بلے باز ٹم ڈیوڈ کو اگلے سیزن کے پہلے میچ کے لیے معطل کر دیا گیا ہے۔ آئی پی ایل انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق فائنل میچ کی پہلی اننگز کے دسویں اوور میں وکٹ گرنے کے بعد آسٹریلوی کھلاڑی ٹم ڈیوڈ نے غصے میں آ کر امپائر نتن مینن کی طرف آئس بیگ پھینکا تھا، جس پر ایکشن لیتے ہوئے ان پر میچ فیس کا پچاس فیصد جرمانہ بھی عائد کیا گیا ہے۔ ٹم ڈیوڈ کو آئی پی ایل کے ضابطہ اخلاق کی دفعہ 2.9 کے تحت لیول ون کے جرم کا مرتکب پایا گیا، جو میچ کے دوران کسی بھی کھلاڑی، امپائر یا آفیشل کی طرف خطرناک انداز میں گیند یا کوئی اور چیز پھینکنے سے متعلق ہے۔ آئی پی ایل حکام کے مطابق ٹم ڈیوڈ نے اپنے اس غلط رویے کا اعتراف کر لیا ہے اور میچ ریفری جواگل سری ناتھ کی طرف سے دی جانے والی سزا کو قبول کیا ہے۔ اگرچہ اس واقعے کی فوری سزا صرف فیس کی کٹوتی اور دو ڈیمیرٹ پوائنٹس تھی، لیکن یہ ٹم ڈیوڈ کا اس پورے سیزن میں تیسرا بڑا جرم تھا جس کی وجہ سے ان کے مجموعی ڈیمیرٹ پوائنٹس کی تعداد پانچ ہوگئی۔

☆☆☆

انٹر ڈیپارٹمنٹل نیشنل کبڈی (ایشین سٹائل) چیمپئن شپ میں پانچ میچز آج کھیلے جائیں گے

دوسرے میچ میں پاکستان آرمی اور پاکستان پولیس کی ٹیمیں مدمقابل ہوں گی

اسلام آباد (یواین پی) پاکستان کبڈی فیڈریشن کے زیر اہتمام جاری انٹر ڈیپارٹمنٹل نیشنل کبڈی (ایشین سٹائل) چیمپئن شپ انٹر ڈیپارٹمنٹل نیشنل کبڈی (ایشین سٹائل) چیمپئن شپ میں پانچ میچز (آج) بدھ کو پاکستان سپورٹس کمپلیکس کے لیاقت جمنازیم، اسلام آباد میں کھیلے جائیں گے۔ پہلے میچ میں پاکستان نیوی کا مقابلہ پاکستان واپڈا سے ہوگا۔ دوسرے میچ میں پاکستان آرمی اور پاکستان پولیس کی ٹیمیں مدمقابل ہوں گی۔ تیسرے میچ میں ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس اور پاکستان واپڈا کی ٹیموں کا آمنا سامنا ہوگا۔ چوتھا میچ پاکستان آرمی اور ایئر پورٹ سیکورٹی فورس کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا جبکہ پانچواں میچ میں ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس اور پاکستان پولیس کی ٹیموں کا ٹکراؤ ہوگا۔ پاکستان کبڈی فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد سرور رانا نے بتایا کہ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے فیڈریشن سے منسلک 6 ڈیپارٹمنٹس کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جن میں پاکستان آرمی، پاکستان ائر فورس، پاکستان واپڈا، پاکستان پولیس، پاکستان نیوی اور ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس کی ٹیمیں شامل ہیں۔ ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس کی ٹیم پہلی بار ایشین سٹائل چیمپئن شپ میں حصہ لے رہی ہے۔ چیمپئن شپ کا فائنل اور پوزیشن میچز 4 جون کو کھیلے جائیں گے اور چیمپئن شپ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

☆☆☆

شوبز SHOWBIZ

کراچی کی کہانی سناتا ریپ سانگ، جو ریلیز کے بغیر ہی سوشل میڈیا پر وائرل

جن دنوں یہ گانا لکھا اس وقت گل پلازہ کا سانحہ ہوا تھا، گانے کے بول خود ہی ذہن میں آ گئے

کراچی (یواین پی) حالیہ دنوں میں کراچی کے مسائل اور نظام کی ترجمانی ایک ریپ سانگ نے کی اور یہ گانا اپنے لفظوں کی وجہ سے سوشل میڈیا پر وائرل ہوگیا۔ ورث کراچی کے عنوان سے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے ریپ سانگ کو کراچی کے علاقے گلستان جوہر کے رہائشی احسن کورائی نے تخلیق کیا ہے۔ انہوں نے گفتگو میں بتایا کہ جن دنوں یہ گانا لکھا اس وقت کراچی کے حالات نے انہیں ذہنی پریشانی میں مبتلا کیا ہوا تھا۔ احسن کورائی نے بتایا کہ مجھے گانا لکھتے ہوئے زیادہ سوچنا نہیں پڑا کیوں کہ آئے دن خبریں آتی رہتی ہیں کہ ڈمپر نے شہری کو کچل دیا، مین ہول میں گرنے سے بچے کی جان چلی گئی۔ جن دنوں یہ گانا لکھا اس وقت گل پلازہ کا سانحہ ہوا تھا، گانے کے بول خود ہی ذہن میں آ گئے۔ احسن پری انجینئرنگ فرسٹ ائیر میں ہیں اور گزشتہ 4 سالوں سے ریپنگ کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا مجھے والدہ کی کافی سپورٹ ہے لیکن پہلے ایسا تھا کہ گھر والے ریپنگ کو میرے شوق کی حد تک قبول کرتے تھے لیکن جب سے گانا وائرل ہوا ہے اور لوگ جاننے لگے ہیں تو اب گھر والوں کا نظریہ بھی کافی تبدیل ہوا ہے۔ احسن نے جیو ڈیجیٹل کو اپنی انسپریشن کے بارے میں بتاتے ہوئے نامور ریپر کا تذکرہ کیا۔

''ڈولا رے گانے'' کی شوٹنگ کے دوران مادھوری کے حاملہ ہونیکا دعوی

اب مادھوری ڈکشت نے اس دعوے پر سخت ردعمل دیا ہے اور اسے مسترد کردیا

ممبئی (یواین پی) بالی وڈ کی ڈانس کوئین اور ورسٹائل اداکارہ مادھوری ڈکشت نے اپنے ماضی کے مشہور گانے کی شوٹنگ کے دوران حاملہ ہونے کی خبروں پر ردعمل دیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق چند ہفتے قبل کوریوگرافر سروج خان کی سابقہ ساتھی روبینہ خان نے ایک انٹرویو میں کہا تھا کہ ڈولا رے کی شوٹنگ کے دوران مادھوری 4 ماہ کی حاملہ تھیں۔ اس دعوے نے سوشل میڈیا پر فوری طور پر تمام توجہ اپنی جانب مبذول کرلی اور فلم کی ریلیز کے برسوں بعد کی کہانی سن کر بہت سے شائقین حیران رہ گئے۔ تاہم اب مادھوری نے اس دعوے پر ردعمل دیا اور اسے مسترد کردیا۔ مادھوری ڈکشت نے ہنستے ہوئے مختصراً کہا آرین 2003 میں پیدا ہوا تھا، تو اس سے حساب لگایا جاسکتا ہے۔ مادھوری کے بڑے بیٹے آرین نینے کی پیدائش 17 مارچ 2003 کو ہوئی جب کہ دیوداس 2002 میں ریلیز کی گئی تھی۔ واضح رہے کہ مادھوری کی شادی 1999 میں ڈاکٹر شری رام نینے سے ہوئی تھی جس کے بعد اداکارہ امریکا منتقل ہوگئی تھیں، جوڑے کے ہاں دوسرے بیٹے ریان کی پیدائش 2005 میں ہوئی تھی۔

☆☆☆

پاکستان ٹیلی ویژن کی معروف اداکارہ طاہرہ نقوی کو مداحوں سے بچھڑے 44 برس بیت گئے

طاہرہ نقوی نے بیس برس تک ٹیلی ویژن پر اپنی اداکاری کے جوہر دکھائے

فیصل آباد (یواین پی) پاکستان ٹیلی ویژن کی معروف اداکارہ طاہرہ نقوی کو مداحوں سے بچھڑے 44 برس بیت گئے۔ معروف ٹی وی آرٹسٹ طاہرہ نقوی 20 اگست 1956ء کو ڈسکہ میں پیدا ہوئیں انہوں نے اپنے فنی کیرئیر کا آغاز ریڈیو پاکستان سے کیا بعد میں انہوں نے ٹیلی ویژن پر اپنی اداکاری کے جوہر دکھائے انہیں معروف پی ٹی وی ڈرامہ ''وارث'' سے بے پناہ شہرت حاصل ہوئی۔ طاہرہ نقوی نے دو فلموں میں بھی بطور معاون ہیروئین کام کیا جن میں بدلتے موسم اور میاں بیوی راضی شامل ہے مذکورہ فلموں میں طاہرہ نقوی کے ساتھ آصف رضا میر اور آغا سکندر نے کام کیا تھا۔ طاہرہ نقوی نے بیس برس تک ٹیلی ویژن پر اپنی اداکاری کے جوہر دکھائے وہ 2 جون 1982ء کو کینسر کے مرض کا شکار ہوکر چل بسیں تھیں۔

☆☆☆

شمعون عباسی نے انمول عرف پنکی پر ڈراما بنانے کی مخالفت کردی

پاکستان میں حقیقی جرائم پر مبنی تفریحی مواد ماضی میں بھی تنازع کا باعث بنتا رہا ہے

کراچی (یواین پی) فلم ساز اور اداکار شمعون عباسی نے کراچی کی مبینہ منشیات فروش انمول عرف پنکی کی زندگی پر مبنی مجوزہ ڈراما سیریل کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسی کہانی ٹی وی سکرین کے لیے موزوں نہیں۔ شمعون عباسی نے پیر کے روز فیس بک پر جاری اپنے بیان میں سوال اٹھایا کہ آخر ایسی کہانی کو ڈرامائی تشکیل دینے کی ضرورت کیوں پیش آ رہی ہے، جبکہ خواتین کی جدوجہد، کامیابی اور حوصلہ افزائی پر مبنی کئی مثبت کہانیاں موجود ہیں جنہیں ٹی وی پر پیش کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے ان اطلاعات پر بھی ردعمل دیا اور کہا کہ اداکارہ صبا قمر کو اس منصوبے میں مرکزی کردار کے لیے منتخب کیا جا رہا ہے، جبکہ صبا قمر اپنی شاندار اداکاری کے باعث اس کردار کو اس انداز سے نبھا سکتی ہیں کہ ناظرین کردار سے متاثر ہو جائیں۔ انہوں نے صبا قمر کے سابقہ ڈرامے کیس نمبر 9 کو ایک بہترین ڈراما قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس نے معاشرے پر مثبت اثرات مرتب کیے اور ہراسانی جیسے حساس مسئلے پر شعور اجاگر کیا۔ شمعون عباسی نے سوال کیا کہ جب ایک اداکارہ اتنے مثبت اور مؤثر کردار ادا کر سکتی ہے تو پھر اسے ایک منفی کردار کو مقبول بنانے کے لیے کیوں استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر اس کہانی کو بیان کرنا ہی مقصود ہے تو اسے فلم کی صورت میں پیش کیا جانا چاہیے کیونکہ سینما دیکھنے کا انتخاب ناظرین اپنی مرضی سے کرتے ہیں۔ ، جبکہ ٹی وی ڈرامے گھروں میں ہر عمر کے افراد

اداکارہ فضا علی اور اعجاز کی نئی ویڈیو بھی وائرل

لاہور (یواین پی) اداکار و میزبان فضا علی کے شوہر اعجاز خان کی پرندے کو کھانا کھلانے کی ویڈیو وائرل ہوگئی۔ اداکار و میزبان فضا علی اور شوہر اعجاز خان ان دنوں برطانیہ میں موجود ہیں اور اداکارہ اکثر سوشل میڈیا پر شوہر اور بیٹی کے ساتھ ویڈیو شیئر کرتی رہتی ہیں۔ انہوں نے چند گھنٹوں قبل ایک اور ویڈیو شیئر کی ہے جو سوشل میڈیا پر زیر گردش ہے۔ وائرل ویڈیو میں اداکارہ کے شوہر اعجاز خان پرندے کو چپس کھلا رہے ہیں اور اس سے باتیں بھی کر رہے ہیں جبکہ اداکارہ حیرانی سے پوچھ رہی ہیں کہ یہ آپ کا دوست ہے۔

☆☆☆

پہلی ہی فلم کے بولڈ سین پر والدین کے ردِعمل پر کنگنا کی لب کشائی

ممبئی (یواین پی) بالی ووڈ کی مایہ ناز اداکارہ کنگنا رناوت نے حال ہی میں ایک انٹرویو کے دوران انکشاف کیا ہے کہ ان کے قدامت پسند خاندان نے ان کے فلمی کیریئر اور پہلی فلم کے بولڈ سینز پر کیسا ردعمل دیا تھا۔ کنگنا رناوت نے 2006 میں فلم گینگسٹر سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا تھا، جس میں ان کے کچھ بولڈ سینز تھے۔ ایک انٹرویو کے دوران ان سینز کا تذکرہ کرتے ہوئے کنگنا نے بتایا، فلم دیکھنے کے بعد میرے والد نے کوئی ردعمل نہیں دیا، وہ بالکل خاموش ہوگئے۔ جب میں نے اپنی والدہ سے پوچھا کہ آپ کو میری فلم کیسی لگی؟

پاکستانی فلم انڈسٹری کے معروف مزاحیہ اداکار ننھا کو مداحوں سے بچھڑے 40 برس بیت گئے

ممتاز کامیڈین رفیع خاور عرف ننھا نے پی ٹی وی کے معروف ڈرامے ''الف نون'' سے شہرت حاصل کی

فیصل آباد (یواین پی) پاکستانی فلم انڈسٹری کے معروف مزاحیہ اداکار ننھا کو مداحوں سے بچھڑے 40 برس بیت گئے۔ دوعشروں تک لاکھوں لوگوں کے چہروں پر مسکراہٹیں بکھیرنے والے ملک کے ممتاز کامیڈین رفیع خاور عرف ننھا نے پی ٹی وی کے معروف ڈرامے ''الف نون'' سے شہرت حاصل کی انہوں نے اپنے فلمی کیریئر کا آغاز 1966ء میں فلم ''وطن کا سپاہی'' سے کیا۔ معروف پاکستانی فلم ''دبئی چلو'' نے ننھا کو شہرت کی بلندیوں تک پہنچا دیا ان کی دیگر یادگار فلموں میں سوہرا تے جوائی، سالا صاحب، نوکر تے مالک، نمک حلال، تیری میری اک مرضی، مہندی اور دیگر قابل ذکر ہیں ننھا کی ٹائٹل رول پر مشتمل فلم سالا صاحب لاہور میں 300 ہفتے تک زیر نمائش رہی جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ رفیع خاور ننھا اور نگیلا کی فلمی جوڑی کو شائقین نے بے پناہ پزیرائی بخشی جبکہ فلمی ہیروئین میں ممتاز، انجمن، مسرت شاہین، رانی، دردانہ رحمان اور نازلی پسند کی جاتی تھیں۔ ننھا کی بطور ہیرو اور کامیڈین سب سے زیادہ پسند کی جانے والی جوڑی نازلی کے ساتھ تھی۔ ننھا نے 2 جون 1986 کو موت کو گلے لگا لیا۔ ننھا پاکستانی فلم انڈسٹری کا ایک معتبر نام تھا جس نے اپنے مخصوص مزاحیہ انداز میں فلمی دنیا میں ایک اہم مقام حاصل کیا جو کہ فلم بینوں کو ہمیشہ یاد رہے گا۔

اداکارہ عینی زیدی نے اپنے پیاروں کو کھونے کی انتہائی دکھ بھری کہانی سنا دی

مجھے بس اس بات کا پچھتاوا ہے کہ میں نے اپنی والدہ کے ساتھ زیادہ وقت نہیں گزارا

کراچی (یواین پی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکارہ عینی زیدی نے یکے بعد دیگرے اپنے پیاروں کو کھونے کی انتہائی دکھ بھری کہانی سنادی۔ عینی زیدی نے حال ہی میں ایک نجی ٹی وی کے پروگرام میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے اپنی زندگی میں آنے والے اتار چڑھاو کے بارے میں بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ مجھے بس اس بات کا پچھتاوا ہے کہ میں نے اپنی والدہ کے ساتھ زیادہ وقت نہیں گزارا۔ اداکارہ نے بتایا کہ کچھ مہینوں کے وقفے سے ایک کے بعد ایک میرے بہنوئی، میرے شوہر اور میری والدہ کا انتقال ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ ایک ساتھ اپنے پیاروں کو کھونے کے غم کی وجہ سے میں ڈپریشن میں چلی گئی تھی اور میں سمجھتی ہوں کہ ایسی صورت حال میں انسان کو اپنے آپ کو بہت مضبوط ظاہر کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے۔ عینی زیدی نے کہا کہ انسان کو رو کر اپنے اندر چھپے غم کو باہر نکال کر دل کو ہلکا کرنا بہت ضروری ہے، چاہے اس عمل میں آپ کو جتنا بھی وقت لگ جائے، اس کے بعد ہی آپ کے لیے زندگی میں آگے بڑھنا آسان ہوگا کیونکہ جب رونے کے بعد آپ کا دل ہلکا ہوجائے گا تو پھر صرف یادیں رہ جائیں گی جو کہ آگے بڑھنے میں مدد دیں گی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایسی صورت حال میں کسی اچھے سائیکولجسٹ یا ڈاکٹر سے مشورہ لینا بھی اہم ہے۔

DIRECTORATE OF PROCUREMENT (NAVY)

OPEN TENDER

DP (NAVY) NEAR SNID CENTER, CDA MARKET, AT NAVAL RESIDENTIAL COMPLEX, E-8, ISLAMABAD

SEALED TENDERS ARE INVITED BY DP (NAVY) FOR PURCHASE OF FOLLOWING ITEMS:

S. #	IT.NO	DESCRIPTION	CLOSING DATE & TIME	OPENING DATE & TIME
1.	2590326/R-2602/310618	THREE CHANNEL VIBRATION ANALYZER WITH ANALYSIS SOFTWARE (QTY: 01)	16-06-2026 10:30 AM	16-06-2026 11:00 AM

TERMS & CONDITIONS:
1. Complete details and specifications of the tender can be downloaded from PPRA website.
2. Only registered supplier on Active Taxpayers List (ATL) of FBR are eligible to participate in the Tender and submit quote.

PID(I)9663/25

URAAN PAKISTAN

بقیہ 1

کت کی۔ کانفرنس میں پیر عثمان نوری، مولانا حافظ محمد اقبال رضوی چیئر مین ڈویژنل امن کمیٹی، پیر سعد الرحمٰن نقشبندی، پیر سعادت علی شاہ، مولانا عمران حنفی، محمد علی نقشبندی، مولانا بابر رحیمی، مولانا کاظم رضا، مولانا قاسم قاسمی، مولانا عثمان غنی، مولانا حبیب الحق شاہ، مولانا نعمان حاشر، مولانا اسلم ندیم، مولانا مجیب الرحمٰن انقلابی، مولانا شعیب الرحمٰن و دیگر ممبران اتحاد بین المسلمین کمیٹی پنجاب اور ڈویژنل وضلعی امن کمیٹی کے اراکین سمیت ڈویژن بھر سے ضلعی انتظامی افسران نے بھی شرکت کی۔ کانفرنس کا انعقاد بسلسلہ محرم الحرام امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لیے کیا گیا۔ کانفرنس سے مفتی ڈاکٹر انتخاب احمد نوری، چیئر مین متحدہ علمائے بورڈ پنجاب وممبر نظریاتی کونسل پاکستان۔ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملکی استحکام اور امن و امان کو برقرار رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ہماری افواج نے فیلڈ مارشل جنرل سید حافظ عاصم منیر کی قیادت میں دشمن کو معرکہ حق میں عبرتناک شکست دی۔ پاکستان کے تحفظ ودفاع کے لیے پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ پاکستان عالمی سطح پر امن کا مرکز بن کر ابھرا ہے جو دشمن سے ہضم نہیں ہورہا۔ پاکستان نہ صرف خطے میں اہمیت رکھتا ہے بلکہ عالمی امن کے لیے کلیدی کردار ادا کررہا ہے۔ مفتی ڈاکٹر انتخاب احمد نوری نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کا واضح پیغام ہے کہ صوبہ میں کسی قسم کی انتہا پسندی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ روایت سے ہٹ کر وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر محرم الحرام کی آمد سے قبل امن و امان کو یقینی بنانے کے لیے کانفرنس کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ دشمن پر ہم سب کو نظر رکھنے کی ضرورت ہے۔ ہم سب سوشل میڈیا پر کڑی نظر رکھیں، دشمن فیک اکاؤنٹس سے شر پھیلا سکتا ہے۔ 80 ہزار سے زائد پاکستانیوں بشمول افواج پاکستان کے جوانوں، سویلین، علماء کرام دہشت گردی کے خلاف جنگ میں شہید ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ آج کی کانفرنس واضح پیغام ہے کہ دشمن کی تمام سازشیں ناکام بنائیں گے۔ مسلک سے بالاتر ہوکر امن کے لیے سب اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ آج کی کانفرنس سے اخوت اور اتحاد کا پیغام جائے گا۔ کمشنر راولپنڈی عامر خٹک نیکانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امن وامان کو برقرار رکھنے میں علمائے کرام نے ہمیشہ تعمیری کردار ادا کیا ہے۔ علماء کرام نے ہر موقع پر انتظامیہ کے ساتھ تعاون کیا ہے۔ محرم الحرام میں امن وامان کو برقرار رکھنے کے لیے انتظامیہ، پولیس اور علمائے کرام کا باہمی رابطہ ضروری ہے۔ آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز الپا نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام میں ہمیشہ کی طرح سیکورٹی کے موثر انتظامات یقینی بنانے جائیں گے۔ علماء کرام سمیت سب اسٹیک ہولڈرز سے ملکر جامع سیکورٹی انتظامات یقینی بنانے جائیں گے۔ ڈی سی راولپنڈی حسن وقار چیمہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ علمائے کرام امن کے سفیر ہیں۔ افواج پاکستان نے جس طرح دشمن کا مقابلہ کیا اسی طرح علمائے کرام بنیان مرصوص بن کر شر اور نفرت کا مقابلہ کریں۔ رکن قومی اسمبلی ہما اختر نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کا کردار امن وامان قائم رکھنے میں اہم ہے۔ ہم سب متحد ہوکر امن کی فضا کو قائم کرنے میں کردار ادا کریں۔ رکن پنجاب اسمبلی اسما ناز عباسی کا کہنا تھا کہ فیک نیوز پر جرمانے ہوں گے، کسی کو شر پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اراکین اتحاد بین المسلمین کمیٹی پنجاب، ڈویژنل وضلعی امن کمیٹی نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہم سب پاکستانی ہیں اور متحد ہیں۔ دشمن کے ناپاک عزائم کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ کانفرنس کے اختتام پر ملکی سلامتی و استحکام، ترقی وخوشحالی کے لیے دعا کی گئی۔

بقیہ 2

کوختم ہونے والے ہفتے میں خام تیل کی اوسط یومیہ پیداوار 70 ہزار 924 بیرل ریکارڈ کی گئی جو پیوستہ ہفتے کے مقابلے میں ایک فیصد زیادہ ہے۔ پیوستہ ہفتے میں ملک میں خام تیل کی اوسط یومیہ پیداوار 70215 بیرل ریکارڈ کی گئی تھی۔ اسی طرح 23 مئی کوختم ہونے والے ہفتے میں گیس کی اوسط یومیہ پیداوار 3 ہزار 130 ایم ایم سی ایف ڈی ریکارڈ کی گئی جو پیوستہ ہفتے کے مقابلے میں 3.4 فیصد زیادہ ہے۔ پیوستہ ہفتے میں ملک میں گیس کی اوسط یومیہ پیداوار 3028 ایم ایم سی ایف ڈی ریکارڈ کی گئی تھی۔ اعداد وشمار کے مطابق 23 مئی کوختم ہونے والے ہفتے میں او جی ڈی سی ایل کے خام تیل کی اوسط یومیہ پیداوار 36 ہزار 690 بیرل، پی پی ایل 11 ہزار 933 بیرل، پی او ایل 4 ہزار 147 بیرل اور ماڑی گیس کی خام تیل کی اوسط یومیہ پیداوار 1410 بیرل ریکارڈ کی گئی۔ اسی طرح 23 مئی کوختم ہونے والے ہفتے میں او جی ڈی سی ایل کی گیس کی اوسط یومیہ پیداوار 706 ایم ایم سی ایف ڈی، پی پی ایل 550 ایم ایم سی ایف ڈی، پی او ایل 64 ایم ایم سی ایف ڈی اور ماڑی گیس کی اوسط یومیہ پیداوار 973 ایم ایم سی ایف ڈی ریکارڈ کی گئی۔ سرکاری کالجوں میں 9 ہزار عارضی اساتذہ کی بھرتی، پالیسی میں بڑی تبدیلی۔

بقیہ 3

علاقے میں خود کو پیر ظاہر کرتا تھا اور دم کرنے کے بہانے متاثرہ خاتون عزراں بی بی کے گھر آیا۔ ملزم نے خاتون کو گھر میں اکیلا پا کر مبینہ طور پر زیادتی کی اور موقع سے فرار ہوگیا تھا۔ پولیس کے مطابق ملزم فاروق نے دوران تفتیش اعتراف کیا ہے کہ وہ جعلی پیر بن کر متعدد افراد کو لوٹ چکا ہے۔ ایس ایچ او عامر شہزاد کے مطابق ملزم فاروق کے خلاف مقدمہ درج کر کے اسے جیوڈیشل کے حوالے کر دیا گیا ہے، جبکہ ایس پی ماڈل ٹاؤن اسد علی کا کہنا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

بقیہ 4

، حقیقت میں کوئی ڈیل نہیں ہورہی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میڈیا ہم سے سوال کرنے کے بجائے حکومت سے جواب طلب کرے کہ عمران خان کو گزشتہ 7 ماہ سے غیر قانونی قید تنہائی میں کیوں رکھا گیا ہے؟ صحافی وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے جا کر اس قید تنہائی کی وجہ پوچھیں، ہمارا خاندان کسی قسم کا سیاسی این آر او یا ریلیف نہیں مانگ رہا، قید تنہائی کا خاتمہ عمران خان کا بنیادی اور قانونی حق ہے۔ علیمہ خان نے الزام لگایا کہ گزشتہ 8 مہینوں سے عمران خان کو ذہنی وجسمانی ٹارچر کا نشانہ بنایا جارہا ہے، ملک میں کوئی قانون نہیں چل رہا، اگر حکومت ہمیں جیل میں ڈالنا چاہتی ہے تو شوق سے ڈال دے، لیکن عمران خان کی آنکھوں کے علاج اور معائنے کے لیے انہیں فوری طور پر شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کیا جائے اور وہاں کے ماہر ڈاکٹرز سے ان کا طبی معائنہ کروایا جائے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ سابق آرمی چیف کیوں عمران خان سے ملنے جائیں گے؟ وہ تو عمران خان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھ ہی نہیں سکتے، پارٹی چیئر مین بیرسٹر گوہر نے بھی واضح کر دیا ہے کہ یہ تمام باتیں بالکل جھوٹ ہیں، جب بھی حکومت کو لگتا ہے کہ عوام کا غصہ اور ٹمپریچر بڑھ رہا ہے، تو یہ خود کو بچانے کے لیے ڈیل کی باتیں اور افواہیں پھیلانا شروع کر دیتے ہیں، جبکہ حقیقت میں کوئی ڈیل نہیں ہو رہی۔ عمران خان کی ہمشیرہ نے کہا کہ جب آپ لوگوں کے ووٹ چوری کریں گے اور عوام سمجھ جائیں گے کہ ان کے ووٹ کی کوئی حیثیت نہیں رہی، تو پھر ان کا شدید ردعمل آئے گا، حکومت کبھی لاٹھی سے تو کبھی گولی سے عوام کو مارتی ہے، ووٹ چوری سے پی ٹی آئی کا نہیں بلکہ اس عام شہری کا حق مارا جاتا ہے جس کا وہ ووٹ ہوتا ہے، گلگت بلتستان میں بھی وہی کچھ دہرایا جارہا ہے جو عام انتخابات 2024ء میں کیا گیا تھا، وہاں پی ٹی آئی کو انتخابی مہم تک چلانے کی اجازت نہیں دی جارہی، یاد رکھیں ظلم ہمیشہ وہی کرتا ہے جو اندر سے خود شدید خوفزدہ ہوتا ہے۔ علیمہ خان نے کہا کہ ہم پی ٹی آئی کی قیادت سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ ہمارے ساتھ آکر یہاں بیٹھیں، جب قیادت آئے گی تو تمام ایم این ایز، ایم پی ایز، سینیٹرز اور تنظیم کے سینئر رہنما یہاں موجود ہوں گے، اگر پی ٹی آئی کی موجودہ قیادت اس فائنل کال پر بھی باہر نہیں نکلتی، تو پھر میڈیا اور عوام کا حق ہے کہ وہ ان رہنماؤں سے سوال کریں کہ وہ اپنے عظیم لیڈر کے لیے باہر کیوں نہیں آ رہے۔

بقیہ 5

دیا گیا۔ گزشتہ رز وفاقی آئینی عدالت نے غیر رجسٹرڈ پولٹری فارمز کو فیڈ سپلائی پر فیصلہ جاری کردیا، جسٹس عامر فاروق کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے فیصلہ جاری کردیا، عدالت نے پولٹری فیڈ ملز سے 4 فیصد اضافی ٹیکس کی وصولی غیر قانونی قرار دیدیا، وفاقی آئینی عدالت نے لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ وفاقی آئینی عدالت کی جانب سے فیصلے میں کہا گیا کہ اضافی ٹیکس قانون کے سیکشن 31 ایمیں ابہام ہے، غیر رجسٹرڈ پولٹری فارمز کو فیڈ سپلائی کرنے پر اضافی ٹیکس عائد کیا گیا، اضافی ٹیکس 2024 کے فنانس ایکٹ کی مد میں وصول کیا جارہا تھا۔ قانون کے مطابق پولٹری فارمز کو ٹیکس سے مستثنٰی قرار دیا گیا، استثنٰی ملنے کے بعد پولٹری فارمز رجسٹریشن کے پابند نہیں، قانون غیر رجسٹرڈ پولٹری فارمز کو مکمل تحفظ فراہم کرتا ہے، رجسٹریشن کی قانونی پابندی نہ ہونے پر پولٹری فارمز یا ملز کو سزا نہیں دی جاسکتی۔ لاہور ہائیکورٹ نے پولٹری فیڈ ملز سے 4 فیصد اضافی ٹیکس درست قرار دیا تھا، پولٹری فیڈ ملز مالکان نے اضافی ٹیکس کیخلاف آئینی عدالت سے رجوع کیا تھا۔

بقیہ 6

کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق راولپنڈی کے تھانہ دھمیال کے علاقے میں معمولی رقم پر ہونے والے جھگڑے نے دو ہنستے کھیلتے گھرانوں کو اجاڑ دیا، پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے زین شاہ اور سراج نامی دو نوجوانوں کے قتل میں ملوث دونوں فریقین کے 7 افراد کو باقاعدہ گرفتار کرلیا، یہ افسوسناک واقعہ پیر مہر علی شاہ ٹاؤن میں پیش آیا تھا۔ پولیس کی ابتدائی تفتیش سے معلوم ہوا ہے کہ اس خونی تصادم کا آغاز ایک دکان سے ہوا جہاں مقتول زین شاہ نے مقتول سراج کی دکان سے اپنے گھر کے لیے کچھ سودا سلف خریدا تھا، دکاندار سراج نے جب زین شاہ سے خریداری کی بقایا رقم یعنی محض 13 سو روپے کا تقاضہ کیا، تو دونوں کے درمیان تلخ کلامی ہوئی جو دیکھتے ہی دیکھتے شدید جھگڑے میں بدل گئی۔ بتایا گیا ہے کہ جھگڑے کے دوران فائرنگ ہوگئی جس کی زد میں آ کر دکاندار سراج موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا، سراج پر گولی چلانے کے جرم میں دوسرے فریق کے ایک مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا گیا، جس نے اپنے دیگر مفرور ساتھیوں کے ہمراہ سراج کو نشانہ بنایا تھا، تاہم دکاندار سراج کے قتل کا بدلہ لینے کے لیے اس کے بپھرے ہوئے رشتہ داروں نے قانون ہاتھ میں لیا اور زین شاہ کو اغوا کر لیا۔ بتایا جارہا ہے کہ رشتہ داروں نے زین شاہ کو نامعلوم مقام پر لے جا کر شدید تشدد کا نشانہ بنایا اور انتہائی سفاکانہ طریقے سے موت کے گھاٹ اتار دیا، پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے زین شاہ کے اس اندھے اور وحشیانہ قتل میں ملوث سراج فریق کے 6 افراد کو گرفتار کرلیا ہے، اس سلسلے میں پولیس کا کہنا ہے کہ دونوں مقدمات میں ملوث گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش کی جارہی ہے اور واقعے میں شامل دیگر مفرور سہولت کاروں کو بھی جلد ہی قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

بقیہ 7

مستحق خواتین بینیفشریز سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ خواتین کی شکایات اور مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر فوری حل کیا جائے۔ چیئر پرسن نے خواتین کو ڈیجیٹل والٹ سسٹم کے بارے میں آگاہی فراہم کی اور مفت موبائل سمز کی تقسیم کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ بینظیر کفالت پروگرام کی آئندہ قسط ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے فراہم کی جائے گی، جس سے ادائیگیوں کے نظام میں مزید شفافیت، سہولت اور مالی شمولیت کو فروغ ملے گا۔ سینیٹر روبینہ خالد نے خواتین کو اپنی موبائل سمز کی حفاظت یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ مستحق خواتین کو مفت موبائل سمز فراہم کی جارہی ہیں تاکہ وہ اپنے ڈیجیٹل اکاؤنٹس کھلوا سکیں اور مستقبل میں اپنی مالی معاونت براہ راست ڈیجیٹل والٹ کے ذریعے وصول کرسکیں۔ انہوں نے تمام مستحق خواتین سے اپیل کی کہ وہ 15 جون سے قبل اپنی مفت موبائل سم ضرور حاصل کرلیں تاکہ ادائیگیوں کے عمل میں کسی قسم کی رکاوٹ پیش نہ آئے۔ بعد ازاں چیئر پرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد نے ضلع گانچھے کی تحصیل ڈغونی میں بی آئی ایس پی تحصیل دفتر کا دورہ بھی کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ بینظیر ہنرمند پروگرام کے تحت خواتین اور ان کے گھرانوں کے افراد کو مختلف شعبوں میں ہنر مند بنانے کے لیے سکل ٹریننگ فراہم کی جائے گی تاکہ وہ باعزت روزگار حاصل کرسکیں اور معاشی طور پر خود مختار بن سکیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ خواتین کو ڈیجیٹل اور مالیاتی خواندگی کی خصوصی تربیت بھی فراہم کی جارہی ہے تاکہ وہ جدید مالیاتی نظام سے مؤثر انداز میں مستفید ہوسکیں۔ چیئر پرسن بی آئی ایس پی نے کہا کہ پروگرام میں غیر شادی شدہ خواتین کی شمولیت کے لیے بھی پالیسی تشکیل دی جارہی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق خواتین کو سماجی تحفظ اور ترقی کے مواقع فراہم کیے جاسکیں۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل بی آئی ایس پی گلگت بلتستان محمد عالم بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔

بقیہ 8

ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبد الحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ حکومت بجٹ کو حقیقی معنوں میں عوام دوست بنائے، حکومت کی بجٹ میں سب سے زیادہ توجہ کم آمدنی والے طبقے کو ریلیف دینے پر ہونی چاہیے، پاکستان میں ٹیکس نظام کو سماجی انصاف کے اصولوں کے مطابق بنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی مشکلات نے عام آدمی خصوصا غریب اور متوسط طبقے کی زندگی کو شدید متاثر کیا ہے۔ ایسے حالات میں وفاقی بجٹ عوام کی توقعات کا حقیقی ترجمان ہونا چاہیے۔ حکومت پر لازم ہے کہ وہ بجٹ میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں استحکام، بجلی وگیس کے نرخوں میں کمی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے موثر اقدامات کا اعلان کرے۔ جمعیت علمائے اسلام (س) ایسے بجٹ کے منتظر ہیں جو صرف اعداد وشمار اور دعوؤں تک محدود نہ ہو بلکہ عام شہری کی زندگی میں حقیقی آسانیاں پیدا کرے۔ حکومت کو چاہیے کہ نئے ٹیکسوں اور اضافی مالی بوجھ سے گریز کرتے ہوئے عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرے، مہنگائی پر قابو پانے کے لیے موثر حکمت عملی اپنائے اور معاشی استحکام کے ثمرات عام آدمی تک پہنچانے کے لیے عملی اقدامات کرے۔ انہوں نے کہا کہ ایک حقیقی عوام دوست بجٹ ہی عوام کا حکومت پر اعتماد بحال کرسکتا ہے اور ملک کو معاشی ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرسکتا ہے۔

بقیہ 9

گیا ہے۔ ہائیکورٹ میں دائر درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ حکومت غیر استعمال شدہ بجلی یونٹس کی قیمت صارفین سے وصول کررہی ہے، حکومت نے بجلی بلوں میں کپیسٹی چارجز پارلیمنٹ کی منظوری کے بغیر وصول کئے، مقامی انویسٹرز کو ڈالرز کے تناسب سے قومی گریڈ سے ادائیگی غیر آئینی ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت سسٹم میں آنے والی بجلی کے تحت ادائیگیوں کا حکم دے، حکومت کو آئی پی پیز سے اضافی وصول کئے گئے کھربوں روپے واپس لینے کا حکم صادر کیا جائے۔ درخواست میں مزید استدعا کی گئی کہ عدالت ملوث نیپرا سمیت دیگر حکام کے احتساب کا بھی حکم دے۔

بقیہ 10

ٹریفک آفیسر مری منیر احمد ہاشمی نے طلبہ کے ہمراہ ٹریفک آگاہی واک میں شرکت کی۔ واک کے شرکاء نے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد، ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کے استعمال اور محفوظ سفر کے حوالے سے آگاہی بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔ واک کا مقصد شہریوں بالخصوص نوجوانوں میں ذمہ دارانہ طرز عمل کو فروغ دینا اور حادثات کی روک تھام کے حوالے سے شعور بیدار کرنا تھا۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے منیر احمد ہاشمی نے کہا کہ ٹریفک قوانین پر عمل کرنا ایک مہذب معاشرے کی پہچان ہے اور انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کا استعمال ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک حادثات کی بڑی وجوہات میں غفلت، تیز رفتاری اور قوانین کی خلاف ورزی شامل ہیں، جن سے بچاؤ کے لیے عوامی شعور انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بچے اور نوجوان ہمارے مستقبل کے معمار ہیں، اس لیے ان میں ابتدائی عمر ہی سے ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تعلیمی اداروں میں اس نوعیت کی سرگرمیاں مستقبل میں ذمہ دار اور قانون پسند شہریوں کی تربیت میں اہم کردار ادا کریں گی۔ تقریب کے دوران طلبہ سے ٹریفک قوانین، روڈ سیفٹی، ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کے استعمال سے متعلق مختلف سوالات بھی کیے گئے۔ کوئز پروگرام میں درست جوابات دینے والے طلبہ میں تحائف تقسیم کیے گئے جبکہ سٹی ٹریفک پولیس مری کی جانب سے موٹر سائیکل سواروں اور دیگر شرکاء میں حفاظتی ہیلمٹس بھی تقسیم کیے گئے تاکہ حفاظتی اقدامات کی اہمیت کو عملی طور پر اجاگر کیا جا سکے۔ شرکاء نے سٹی ٹریفک پولیس مری کی اس کاوش کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے آگاہی پروگرام نہ صرف نوجوانوں میں ٹریفک شعور پیدا کرتے ہیں بلکہ معاشرے میں محفوظ سفر کے کلچر کو فروغ دینے میں بھی معاون ثابت ہوتے ہیں۔ آخر میں چیف ٹریفک آفیسر مری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سٹی ٹریفک پولیس مری کی جانب سے ٹریفک آگاہی پروگراموں، سیمینارز اور تعلیمی مہمات کا سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رکھا جائے گا تاکہ شہریوں میں قانون کی پاسداری اور روڈ سیفٹی کے فروغ کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 11

جائے گی۔ سی او بلدیہ نے انکشاف کیا کہ شہر میں اکثر موٹریں جلنے کی بڑی وجہ متعلقہ عملے کی لاپرواہی ہے اہلکار موٹر چلا کر یا وال کھول کر غائب ہوجاتے ہیں جس سے نہ صرف سرکاری مشینری کو نقصان پہنچتا ہے بلکہ عوام بھی پانی کی بوند بوند کو ترس جاتے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ اب تمام ٹیوب ویلز کی کڑی مانیٹرنگ کی جائے گی اور وال مینوں کی ڈیوٹی کے اوقات میں موجودگی کو یقینی بنانے کے لیے وہ خود کسی بھی وقت سرپرائز چیکنگ کریں گے۔ غلام قمر وڑائچ کا مزید کہنا تھا کہ مجھے چارج لیے ابھی تھوڑا وقت ہوا ہے لیکن میں نے عوامی مسائل کا ادراک کرلیا ہے۔ شدید گرمی کے اس موسم میں تمام وارڈز میں مساوی اور بلاتعطل پانی پہنچانا میرا مشن ہے۔ انہوں نے شہریوں کو یقین دلایا کہ پانی کی فراہمی کے نظام کو مرحلہ وار بہتر بنایا جارہا ہے اور جو بھی سرکاری ملازم اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر پایا گیا، اس کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ وہ جلد ہی شہر کو پانی کے بحران سے نکال کر عوام کو ریلیف فراہم کریں گے۔

بقیہ 12

کیف میں گیس اسٹیشن کو بھی آگ لگ گئی، دھماکے خارکیف سمیت دیگر تین مقامات میں بھی ہوئے ۔ یوکرینی حملوں کے جواب میں روس یوکرین میں فوجی اہداف کو نشانہ بنارہا ہے۔

بقیہ 13

ہم کارروائیاں عمل میں لائی ہیں۔ ایس ایچ او مرزا طیب ظہیر بیگ کا کہنا ہے کہ کوئی بھی شخص قانون سے بالاتر نہیں ہے اور کسی کو بھی امن وامان کی صورتحال خراب کرنے یا قانون ہاتھ میں لینے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق، تھانہ گوجرخان میں شہری غنی کی مدعیت میں مقدمہ نمبر 385/26 درج کیا گیا ہے، جس میں بجرم 506 (II)، 341، 427 اور 109 ت پ کے تحت کارروائی کی جا رہی ہے۔ اسی طرح ایک اور کارروائی میں شہری ہارون کی مدعیت میں اقدام قتل کی دفعہ 324/34 ت پ کے تحت مقدمہ نمبر 397/26 درج کرلیا گیا ہے۔ پولیس نے دونوں مقدمات کا اندراج کر کے جدید خطوط پر تفتیش کا آغاز کردیا ہے تاکہ ملوث ملزمان کو جلد از جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جا سکے۔ دوسری جانب، اے ایس آئی محمد ظریف نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے سہیل نامی شخص سے ناجائز اسلحہ برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ نمبر 406/26 درج کرلیا ہے۔ ایس ایچ او مرزا طیب ظہیر بیگ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی منفی اور بے بنیاد خبروں پر کان نہ دھریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی خبر کی تصدیق یا حقائق جاننے کے لیے شہری براہ راست اے ایس پی گوجرخان یا ایس ایچ او تھانہ گوجرخان کے دفتر سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ شہریوں کے جان و مال اور عزت و آبرو کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔

بقیہ 14

کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر نجکاری کے خلاف نعرے درج تھے۔ مظاہرین نے شہر کی مختلف شاہراہوں پر ریلی نکالی اور بعد ازاں واپڈا ڈویژن آفس کے سامنے دھرنا دیا، جہاں حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی کی گئی۔ احتجاجی مظاہرے کی قیادت بابو یونس ملک، غلام محمد باجکانی، غلام حسین سومرو، قدرت اللہ باجکانی اور نادر علی بروہی سمیت دیگر اہم یونین رہنماؤں نے کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے رہنماؤں نے کہا کہ واپڈا جیسے اہم قومی اور عوامی فلاحی ادارے کی نجکاری کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے نجکاری کے فیصلے سے نہ صرف مزدور دشمن ہیں بلکہ اس سے عوام بھی شدید متاثر ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ نجکاری کے نتیجے میں ہزاروں ملازمین بے روزگار ہو جائیں گے، جس سے نہ صرف ان کے خاندان معاشی بحران کا شکار ہوں گے بلکہ غربت اور فاقہ کشی میں بھی اضافہ ہوگا۔ رہنماؤں نے مزید کہا کہ واپڈا ایک ایسا ادارہ ہے جو ملک بھر میں عوام کو بنیادی سہولیات، بالخصوص بجلی کی فراہمی یقینی بناتا ہے، اس لیے اسے نجی شعبے کے حوالے کرنا عوامی مفاد کے خلاف ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ دنیا بھر میں عوامی فلاحی اداروں کو محفوظ رکھا جاتا ہے، جبکہ یہاں انہیں فروخت کرنے کی کوشش کی جارہی ہے جو کہ قابل مذمت ہے مظاہرین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ واپڈا کی نجکاری کا فیصلہ فوری طور پر واپس لیا جائے اور ملازمین کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر حکومت نے اپنے فیصلے پر نظرثانی نہ کی تو احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا اور ملک گیر سطح پر احتجاجی تحریک چلائی جائے گی احتجاجی دھرنے کے دوران ملازمین نے حکومت کے خلاف سخت نعرے بازی کی اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ واپڈا سمیت تمام قومی اداروں کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 15

کو اختتام پذیر ہوگا۔

بقیہ 16

پر چین کے خیالات بیان کیے، اور امن برقرار رکھنے اور تعاون کو فروغ دینے کے پیغامات دیے، جنہیں وسیع پیمانے پر سراہا گیا۔ دوسری جانب جاپانی نمائندوں کو "دوبارہ عسکریت پسندی" کا دفاع کرنے پر ہر طرف سے تنقید کا سامنا ہے اور فلپائن کے نمائندے نے " بحیرہ جنوبی چین میں ضابطہ اخلاق" قائم کرنے کی اہمیت کو چیلنج کیا۔ کچھ مبصرین کا ماننا ہے کہ اس سال کے شنگریلا ڈائیلاگ میں چین کی آواز خاص طور پر بلند محسوس ہوئی جو نہ صرف اجلاس کی سمت پر اثر انداز ہوئی بلکہ اس نے افراتفری کا شکار اور تبدیلی سے بھری دنیا میں استحکام اور یقین پیدا کیا ہے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ شنگریلا ڈائیلاگ کے انعقاد سے پہلے، چینی اور امریکی صدور نے بیجنگ میں ایک تاریخی ملاقات کی۔ چین-امریکہ تعلقات میں مستحکم اور عمدہ رجحان نے اجلاس کے لیے مثبت ماحول پیدا کیا۔ امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے شنگریلا ڈائیلاگ میں اپنی تقریر میں کہا کہ امریکہ-چین تعلقات " کئی سالوں کی بہترین سطح پر ہیں۔" چینی نمائندے نے امید ظاہر کی کہ چین اور امریکہ ایک ہی سمت بڑھیں گے، اپنے سربراہان مملکت کے اتفاق رائے کو نافذ کریں گے، اور فوجی تعلقات کو صحت مند، مستحکم اور پائیدار سمت میں فروغ دیں گے۔ چین نے ہمیشہ شنگریلا ڈائیلاگ میں امن اور سلامتی کے خیالات پیش کیے ہیں۔ اس سال کے آغاز سے، کئی ممالک کے معززین اور سیاستدانوں نے چین کا دورہ کیا ہے۔ ان کے ساتھ بات چیت اور ملاقاتوں کے دوران، چینی صدر شی جن پھنگ نے بارہا عالمی سلامتی اور عالمی حکمرانی پر اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ چار گلوبل انیشی ایٹوز سے لے کر بڑی طاقتوں کے تعلقات میں اسٹریٹجک استحکام کو فروغ دینے تک، اور بین الاقوامی سطح پر انصاف کی آواز پہنچانے تک، یعنی "بالادستی کی مخالفت، انصاف کی تلاش، اور درست راستے کی پاسداری" تک، چین ایشیا پیسفک اور عالمی امن و استحکام کا " مستقل مرکز " بن چکا ہے۔ اس سال کے شنگریلا ڈائیلاگ میں بدلتے رجحانات کے ذریعے، یہ محسوس کیا جاسکتا ہے کہ ایک بڑے ملک کی ذمہ داری کا مطلب کیا ہوتا ہے۔

بقیہ 17

سربراہ اور راول فاؤنڈیشن کے چیئر مین خاقان وحید خواجہ نے اپنی پوری ٹیم کو شاباش دی ہے اور کہا ہے کہ یہ واحد عید گزری ہے جس کے چاروں دن گوشت تقسیم کیا گیا اس کے لیے پارٹی کے تمام کوآرڈینیٹرز اور عہدے دار مبارکباد کے مستحق ہیں۔ انہوں نے قربانی کے اس گوشت کی تقسیم میں تعاون کرنے والے تمام اداروں کا بھی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ قربانی ایک جذبے کا نام ہے اور یہ جذبہ کسی کی مدد کر کے ہی حاصل کیا جاسکتا ہے انہوں نے کہا کہ ہماری پارٹی اور ہماری فاؤنڈیشن آئندہ بھی سماجی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے گی۔ انہوں نے راول انسٹیٹیوٹ اف ہیلتھ سائنسز ترلائی میں اور دیگر فاؤنڈیشن کے اداروں میں 2600 پیکٹ کی تقسیم کو ایک سراہتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالی ہماری یہ کاوش قبول فرمائے انہوں نے کوآرڈینیٹرز سلیم میر۔ سہراب بیگ۔ پروفیسر عمر حیات۔ راجہ عادل اور پارٹی کے سیکرٹری ملک اعجاز کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ 18

سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران پوسٹ پولیو ایریڈیکیشن مہم کی پیش رفت، انسداد ڈینگی سرگرمیوں اور فیلڈ میں جاری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈکوارٹر) نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ پولیو کے مکمل خاتمے اور ڈینگی کی روک تھام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور فیلڈ سرگرمیوں کی مؤثر نگرانی یقینی بنائی جائے۔ عبدالرحمٰن خان نے کہا کہ عوامی صحت کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ہاٹ سپاٹس کی مسلسل مانیٹرنگ، انسداد ڈینگی سرویلنس، لاروا تلفی کی سرگرمیوں اور عوامی آگاہی مہم کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ ڈینگی کے ممکنہ پھیلاؤ کو روکا جا سکے۔ اجلاس میں مختلف محکموں کے درمیان باہمی رابطہ اور تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر بھی زور دیا گیا جبکہ متعلقہ افسران کو اہداف کے حصول اور مقررہ حکمت عملی پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایات جاری کی گئیں۔

بقیہ 19

پیش کیے جانے کا امکان ہے، ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ بجٹ کی تاریخ میں تبدیلی کے ساتھ ساتھ وزیراعظم نے بجٹ سے قبل ہونے والا قومی اقتصادی کونسل کا اہم اجلاس بھی ملتوی کر دیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ گلگت بلتستان کے الیکشن سے پہلے قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس منعقد نہیں ہو سکے گا، قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس جو پہلے 3 جون کو ہونا تھا، اب اسے 8 جون کو بلائے جانے کا امکان ہے، بجٹ میں تاخیر کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ حکومت بجٹ میں عوام کو ریلیف دینے کے لیے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات کے مزید کچھ دور کرنا چاہتی ہے۔ ذرائع نے مزید بتایا ہے کہ وفاقی بجٹ پیش کیے جانے کی نئی اور حتمی تاریخ کا باضابطہ اعلان آج شام تک کر دیا جائے گا جب کہ بجٹ اجلاس کے حوالے سے اسمبلی سیکریٹریٹ اور ایوان صدر کے درمیان صورتحال تاحال واضح نہیں ہوسکی، قومی اسمبلی سیکریٹریٹ کے حکام کا کہنا ہے کہ انہیں ابھی تک بجٹ اجلاس کی طلبی کا کوئی سرکاری سمن یا آرڈر موصول نہیں ہوا، جب تک باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری نہیں ہوتا، تب تک ارکان اسمبلی کو آگاہ نہیں کیا جاسکتا، ایوان صدر نے یقین دہانی کرائی ہے کہ شام تک نوٹیفکیشن کے حوالے سے صورتحال واضح کردی جائے گی۔

بقیہ 20

رتحال کے دوران فوری رسپانس فراہم کرتے ہوئے متاثرہ افراد کو طبی امداد، ابتدائی علاج اور محفوظ مقامات تک منتقلی کی سہولیات مہیا کر رہی ہیں۔ ریسکیو حکام کے مطابق تمام ریسکیو اسٹیشنز، ایمبولینسز، فائر ریسکیو یونٹس اور ایمرجنسی ریسپانس ٹیمیں 24 گھنٹے الرٹ رہتے ہوئے عوام کی خدمت کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔ ادارہ ٹریفک حادثات، طبی ایمرجنسیز، آتشزدگی، قدرتی آفات اور دیگر ہنگامی حالات میں فوری کارروائی کو یقینی بنا رہا ہے تاکہ قیمتی انسانی جانوں کو بچایا جا سکے۔ ریسکیو 1122 مری کے ترجمان نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ ادارے کی اولین ترجیح ہے اور شہریوں تک بروقت امداد کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیشہ ورانہ تربیت یافتہ ریسکیورز جدید آلات اور سہولیات سے لیس ہو کر ہر وقت عوامی خدمت کے لیے تیار رہتے ہیں۔ ترجمان نے شہریوں سے اپیل کی کہ کسی بھی حادثے، طبی ایمرجنسی یا دیگر ہنگامی صورتحال کی صورت میں فوری طور پر ریسکیو ہیلپ لائن 1122 پر رابطہ کریں تاکہ بروقت امدادی کارروائی کے ذریعے جانی و مالی نقصان کو کم سے کم کیا جا سکے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ ایمرجنسی سروسز کے مؤثر استعمال اور ریسکیو عملے کے ساتھ تعاون کے ذریعے ایک محفوظ اور ذمہ دار معاشرے کے قیام میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 21

ہوئے نواز شریف نے کہا کہ جب میں وزیراعظم تھا تو کئی بار اسکردو اور گلگت گیا تھا، جس گلگت کو میں جانتا تھا وہ کہاں ہے؟ میں چاہتا تھا کہ گلگت میں بہت ترقی ہو، گلگت میں سڑکوں پر کھڈے دیکھ کر بہت دکھ ہوا۔ انہوں نے پوچھا کہ مانسہرہ سے گلگت تک روڈ بنی تھی، کیوں نہیں بنی، مجھے کوئی بتا سکتا ہے کہ گلگت کی سڑک کیوں نہیں بنی؟ میں کسی جماعت کے خلاف بات نہیں کرنا چاہتا، لیکن پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیوں چیزوں کو نظرانداز کیا۔ انہوں نے کہا میں وہ نواز شریف ہوں جو کسی کی برائی یا تنقید کرکے ووٹ نہیں مانگتا، ہم اپنی کارکردگی کی بنیاد پر ووٹ مانگتے ہیں، میرا دل روتا ہے کہ آپ لوگوں کی سہولتوں کے لیے کیوں پیسا نہیں لگایا گیا، وہ پیسا کہاں گیا؟ یہاں اسپتال بنایا تو ہم نے بنایا، ہائیڈل پاور پلانٹس ہم نے لگائے، مگر کا منصوبہ ہم نے مکمل کیا، مجھے بتائیں کسی اور پارٹی نے کوئی کام کیا ہو۔ انہوں نے کہا کہ گلگت ایئرپورٹ جو ہم بنا کر گئے تھے اسے کسی نے بڑا نہیں کیا، یہاں تو بوئنگ جیٹس آنے چاہیے تھے، شہباز شریف سے بات کر کے یہاں کے ایئرپورٹ کو بڑا کرنے کا کہوں گا، یہاں ہفتے میں 3 پروازیں آتی ہیں، 30 پروازیں ہونی چاہئیں، ہم نے 9 گھنٹے کے سفر کو تین گھنٹے تک پہنچایا۔ صدر مسلم لیگ (ن) نے کہا کہ یہاں منصوبے شروع ہوتے ہیں اور ختم ہونے کا نام نہیں لیتے، یہاں پانی موجود ہے، دھوپ ہے، یہاں تو توانائی کا مسئلہ ہونا ہی نہیں چاہیے، یہاں سردیوں اور گرمیوں میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ ہوتی ہے، مجھے یہاں طویل لوڈشیڈنگ منظور نہیں، ووٹ ملتا ہے یا نہیں، اللہ جانتا ہے، ہم آپ کو ان چیزوں سے محروم نہیں کرسکتے، آپ ووٹ دیں گے یا نہیں دیں گے، میں تب بھی آپ کے لیے بات کروں گا، اگر یہاں ہماری حکومت بنی تو ہر دوسرے تیسرے مہینے یہاں آتا جاتا رہوں گا اور منصوبوں کی نگرانی کروں گا۔ نواز شریف نے کہا کہ 2017 میں این ایف سی کے لیے کمیٹی بنائی تھی اور 2018 میں ہمیں فارغ کر دیا گیا، یہاں کی حکومت نے کیوں یہاں بہت ساری چیزوں کو نظرانداز کیا، کسی پارٹی نے یہاں کسی منصوبے کی اینٹ بھی نہیں لگائی۔ انہوں نے کہا کہ لواری ٹنل 70 سال سے بند تھی، اربوں روپے خرچ کر کے اسے ہم نے پورا کیا، چاہتا ہوں یہاں کے لوگوں کا یہیں علاج ہونا چاہیے، کسی کو اسلام آباد یا دوسرے شہر جانا نہ پڑے، سیاحت سے یہاں کے لوگوں کو روزگار ملے گا، میں سمجھتا ہوں یہاں کے لوگوں کو بھی گھر بنانے کے لیے قرضے ملنے چاہئیں، یہاں کی آبادی تو بہت کم ہے، سب کو گھر مل جائیں گے، یہاں کے نوجوانوں کو بلاسود قرضے ملنے چاہئیں، یہاں کے ہونہار بچوں کو اسکالرشپ اور لیپ ٹاپ بھی دیں گے، خواتین کی یونیورسٹی بھی قائم کی جائے گی۔ صدر مسلم لیگ (ن) نے کہا کہ دیامر بھاشا ڈیم بنانے کے لیے اپنے زمانے میں 100 ارب روپے زمین کے لیے دیا تھا، زمین تو ہے لیکن دیامر بھاشا ڈیم نہیں بنا، 2015 میں 100 ارب دینے کے باوجود ڈیم اب تک نہیں بنا، ڈیم بننے کا فائدہ آپ کو اور باقی پاکستان کو بھی ہوتا، ہماری حکومت ہوتی تو یہ مسائل نہ ہوتے۔ اس سے قبل نواز شریف بذریعہ طیارہ گلگت پہنچے تھے، وفاقی وزیر امیر مقام، سابق وزیر اعلی حافظ حفیظ الرحمٰن نے ایئرپورٹ پر ان کا استقبال کیا۔ وفاقی وزرا خواجہ آصف، احسن اقبال، رانا ثنا اللہ، سینیٹر پرویز رشید، پنجاب کی وزیر مریم اورنگزیب، سینیٹر انوشہ رحمٰن، کاظم پیرزادہ نواز شریف کے ہمراہ گلگت پہنچے ہیں۔ واضح رہے کہ گلگت بلتستان اسمبلی کی 24 نشستوں پر الیکشن 7 جون کو ہوگا۔

بقیہ 22

۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ عوامی خدمات کے معتبر فورم اقوام متحدہ کے تحت (WSIS) پرائزز ڈیجیٹل گورننس پر پنجاب کے دو پروگرام کا شامل کیا جانا اعزاز ہے۔ ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی ''میرا پیارا'' نے 1 لاکھ 45 ہزار سے زائد گمشدہ بچوں کے کیس کی مثال قائم کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ''میرا پیارا'' پراجیکٹ کے تحت 54 ہزار سے زائد گمشدہ بچوں کے لئے مؤثر کارروائی قابل تحسین ہے۔ ''میرا پنجاب'' سے بچوں کے استحصال آن لائن ہراسگی اور دیگر معاملات میں معاونت کی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ''میرا پنجاب'' کی عالمی سطح پر پذیرائی ٹیکنالوجی پر مبنی پبلک سروسز کی عالمی سطح پر اعتراف کا ثبوت ہے۔ گمشدہ افراد کے لئے میرا پیارا ایپ دنیا بھر میں پاکستان کا مثبت تشخص نمایاں ہوا۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ پنجاب کے پراجیکٹس کی بدولت پاکستان ڈبلیو ایس آئی ایس کیٹیگری میں دو شارٹ لسٹ شدہ پراجیکٹس کے ساتھ دنیا کا واحد ملک بن گیا۔ ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی (VCCS) کے ذریعے بچوں سے متعلق 1 لاکھ 45 ہزار سے زائد کیسز نمٹائے گئے۔ ورچوئل سینٹر فار چائلڈ سیفٹی کی بدولت 77 ہزار سے زائد گمشدہ بچے بازیاب کرایا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت حکومت نے 3 ہزار اسپیشل (معذور) بچوں کو بھی تلاش کر کے خاندانوں سے ملوایا۔ ڈبلیو ایس آئی ایس کی رپورٹ کے مطابق پراجیکٹ کے تحت گمشدہ یا اغوا ہونے والے بچوں کے 54 ہزار سے زائد کیسز پر کارروائی کی گئی۔ 77 ہزار سے زائد بچے خاندانوں سے ملوائے گئے جن میں تین ہزار اسپیشل بچے بھی شامل ہیں۔ مربوط ڈیجیٹل رسپانس کے ذریعے بدسلوکی، آن لائن استحصال اور کمزور بچوں کے تحفظ کے ہزاروں کیسز حل کیے گئے۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب بھر میں اب تک مختلف کیٹیگریز کے کل 1,45,772 کیسز رپورٹ، ریکارڈ 1,36,157 کیسز کو کامیابی سے حل کرلیا گیا۔ رپورٹ ہونے والے مقدمات میں سے مجموعی طور پر 26,274 ایف آئی آرز رجسٹرڈ جبکہ 7,081 چالان عدالتوں میں جمع کروا دیے گئے۔ گمشدہ اور اغوا ہونے والے 54,741 بچوں میں سے 53,811 بچوں کو کامیابی سے تلاش کر کے اہلخانہ سے ملا یا گیا۔ ریسکیو ٹیموں کی کارروائی کے نتیجے میں 22,989 بچے ملے، جن میں سے 21,178 کو فوری طور پر خاندانوں کے حوالے کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق اس وقت سسٹم میں 930 بچے لاپتہ اور 1,811 بچے تاحال غیر شناخت شدہ ہیں جن کے لیے روزانہ کی بنیاد پر فالو اپ جاری ہے۔ بچوں پر تشدد اور بدسلوکی کے 15,447 کیسز رپورٹ ہوئے، جن پر فوری کارروائی کرتے ہوئے 5,075 ایف آئی آرز درج کی گئیں۔ چائلڈ بدسلوکی کیسز میں اب تک 3,830 ملزمان کو گرفتار کر کے 4,168 مقدمات کے چالان عدالتوں میں جمع کروائے جاچکے ہیں۔ بچوں کے خلاف آن لائن اور ڈیجیٹل بدسلوکی کے 191 کیسز سامنے آئے، جن پر 14 ایف آئی آرز درج اور 5 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق خصوصی افراد (Differently Abled) کے مجموعی طور پر 4,377 کیسز رپورٹ ہوئے، جن میں سے 2,984 افراد کو بازیاب کرا کے خاندانوں سے ملایا گیا۔ خصوصی افراد کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پولیس نے اب تک 646 ایف آئی آرز درج کیں۔ چائلڈ پروٹیکشن بیورو (CPB) میں 251 اور دارالامان میں 14 متاثرہ افراد کو فوری پناہ اور حکومتی سرپرستی فراہم کی گئی ہے۔

بقیہ 23

سے ملتان پی آئی اے پی کے 846 کی کنفرم ٹکٹ تھی، مقررہ وقت سے دو گھنٹے پہلے ایئرپورٹ پہنچے لیکن بورڈنگ کے وقت اتار دیا گیا۔ حجاج کرام کا کہنا ہے کہ خواتین حجاج کرام سمیت ہم سب یہاں بے یارومددگار کھڑے ہیں۔

بقیہ 24

RT موت بن کران کی جانب آیا۔ متاثرہ شہری کے مطابق ڈالہ ڈرائیور نے خطرناک انداز میں اوور ٹیک کرنے کی کوشش کی، مگر سامنے سے گاڑی آنے پر اپنا ڈالہ اچانک ان کی گاڑی کی جانب موڑ دیا، جس کے نتیجے میں زوردار تصادم ہوا۔ حادثے میں اسد ظہیر زخمی ہوگئے جبکہ ان کی گاڑی بری طرح تباہ ہوگئی۔ شہری کا دعویٰ ہے کہ گاڑی کو تقریباً چھ سے سات لاکھ روپے کا نقصان پہنچا۔ معاملہ یہیں ختم نہیں ہوا۔ اسد ظہیر کے مطابق حادثے کے بعد ڈالہ ڈرائیور محمد وقاص چوہدری مبینہ طور پر گاڑی سے اترا اور زخمی حالت میں انہیں تشدد کا نشانہ بنایا۔ بعد ازاں ایک ہنڈا سوک کار موقع پر پہنچی اور مبینہ طور پر ملزم کو اپنے ساتھ لے کر روانہ ہوگئی۔ متاثرہ شہری کا کہنا ہے کہ انہوں نے فوری طور پر ون فائیو پر کال کی جس پر بحریہ ٹاؤن سکیورٹی اور ایک پولیس اہلکار موقع پر پہنچے۔ شہری کے مطابق انہیں یقین دلایا گیا کہ بحریہ ٹاؤن کی حدود میں موجود ڈالہ کسی صورت باہر نہیں جاسکتا اور جلد قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ تاہم حیرت انگیز طور پر چند گھنٹوں بعد صورتحال یکسر بدل گئی۔ شہری کا دعویٰ ہے کہ علی الصبح تقریباً پانچ بجے وہی ڈالہ بحریہ ٹاؤن کے ایک سیکٹر میں داخل ہوگیا اور کسی نے اسے روکنے کی کوشش نہیں کی۔ درخواستیں، یقین دہانیاں اور وعدے اپنی جگہ مگر ملزم اور گاڑی بدستور قانون کی گرفت سے باہر رہے۔ ذرائع کے مطابق جب متاثرہ شہری نے خود تلاش شروع کی تو مبینہ طور پر مذکورہ ڈالہ بحریہ ٹاؤن کے ایک گھر کے اندر کھڑا ملا۔ اس بارے میں پولیس کو اطلاع دی گئی تو جواب ملا کہ عملہ دیگر تفتیشی امور میں مصروف ہے اور فی الحال کارروائی ممکن نہیں۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر متاثرہ شخص خود ہی ملزم کی گاڑی کا سراغ لگانے پر مجبور ہو جائے تو یہ صورتحال متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر کئی سوالات اٹھاتی ہے۔ شہریوں نے اعلیٰ پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعہ کی شفاف تحقیقات کر کے حقائق سامنے لائے جائیں، متاثرہ شہری کو انصاف فراہم کیا جائے اور اگر کسی سطح پر غفلت برتی گئی ہے تو ذمہ داروں کا تعین بھی کیا جائے۔ واقعہ نے علاقے میں یہ سوال چھوڑ دیا ہے کہ اگر ون فائیو کال، سکیورٹی کی موجودگی اور پولیس کی یقین دہانیوں کے باوجود ایک مبینہ حادثہ کرنے والا ڈرائیور اور اس کی گاڑی نظروں سے اوجھل ہو سکتے ہیں تو عام شہری انصاف کے لیے کس دروازے پر دستک دیں؟

بقیہ 25

درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ دوران سماعت پراسیکیوٹر نے عدالت کو بتایا کہ شیخ رشید کا نام وفاقی حکومت نے کابینہ کی منظوری سے ای سی ایل میں شامل کیا ہے، کابینہ کے فیصلہ کی موجودگی میں عدالت کے حکم سے یہ نام نہیں ہٹایا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ انسداد دہشت گری قانون کےتحت عدالت نے ملزم کا پاسپورٹ ضبط کر رکھا ہے، درخواست گزار کے خلاف جی ایچ کیو حملہ کیس میں چالان جمع ہو چکا ہے۔ شیخ رشید کے وکیل نے کہا کہ لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ نے اے ٹی سی کو کیس بھیجا ہے، عدالت درخواست گزار کا پاسپورٹ ریلیز کرنے کی حد تک فیصلہ کرے، ای سی ایل میں نام شامل ہونے پر درخواست گزار متعلقہ فورم سے رجوع کرے گا۔ پراسیکوشن نے استدعا کی کہ کیس سے متعلق کچھ دستاویزات کا حصول ضروری ہے، عدالت وقت دے۔ بعدازاں انسداد دہشت گردی کی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کرلیا۔

بقیہ 26

طارق مسعود فاروقہ نے ترقیوں کے نوٹیفکیشن جاری کر دیئے۔ محکمانہ ترقیاتی کمیٹی (ڈی پی سی) کی سفارشات پر 13 ملازمین کو ترقی دے دی گئی۔ ڈائریکٹر فنانس لوکل گورنمنٹ بورڈ عبدالغفار ونیس کی سربراہی میں ڈی پی سی نے ترقیوں کی سفارشات مرتب کیں۔ ریاض احمد، محمد رضوان، محمد جہانگیر علی، رضوان شاہد، محمد وارث، شہزادی ارم لطیف اور محمد سجاد حسین سپرنٹنڈنٹ مقرر، ندیم اسلم، برہان شوکت، محمد عثمان جہانگیر، فیاض احمد، محمد شاہد خان اور زین العابدین سینئر کلرک کے عہدے پر ترقی دی گئی۔ س

بقیہ 27

ارت اسسٹنٹ کمشنر مری کیپٹن (ر) ارشد اقبال نے کی جبکہ متعلقہ محکموں کے افسران اور نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں محرم الحرام کے دوران سکیورٹی انتظامات، ٹریفک کی روانی، صفائی ستھرائی، بجلی کی بلاتعطل فراہمی، ریسکیو اور طبی سہولیات، شہری دفاع کے اقدامات اور دیگر انتظامی معاملات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ شرکاء کو مختلف محکموں کی جانب سے کیے جانے والے انتظامات اور تیاریوں کے حوالے سے بریفنگ بھی دی گئی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر مری نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن و امان کا قیام اور شہریوں کو محفوظ ماحول کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے تمام متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ وہ باہمی رابطے اور مؤثر ہم آہنگی کے ذریعے اپنے فرائض احسن انداز میں انجام دیں اور تمام انتظامات بروقت مکمل کریں۔ انہوں نے زور دیا کہ جلوسوں اور مجالس کے روٹس پر سکیورٹی کے فول پروف انتظامات، ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے ریسکیو اور طبی ٹیموں کی دستیابی، اور عوامی سہولت کے دیگر اقدامات کو یقینی بنایا جائے تاکہ عزاداروں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اسسٹنٹ کمشنر مری نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ وہ حساس مقامات کی مسلسل نگرانی، ایمرجنسی رسپانس پلان پر عملدرآمد اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لیے مکمل تیاری برقرار رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران بین المذاہب وبین المسالک ہم آہنگی، رواداری اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے بھی تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ضلعی انتظامیہ، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور تمام متعلقہ محکمے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے تحت محرم الحرام کے پرامن انعقاد اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنائیں گے۔

بقیہ 28

نے کارروائی کرتے ہوئے شیخ رشید احمد کی بار ممبر شپ تاحیات بحال کردی ہے۔ اس ضمن میں میڈیا سے گفتگو کے دوران اپنے فیصلے کے حوالے سے بات کرتے ہوئے شیخ رشید احمد نے بتایا کہ 50 سال کے طویل وقفے کے بعد اپنے وکالت کے لائسنس کی بحالی کے لیے بار کونسل کو باقاعدہ درخواست جمع کروائی، وکالت کے میدان میں صرف پروفیشنل کام کے لیے آرہا ہوں اور بار کی سیاست یعنی بار الیکشنز میں حصہ لینے کا کوئی ارادہ نہیں ہے، میں باقاعدہ اپنے چیمبر میں بیٹھوں گا اور ایسے غریب مستحق افراد جو مہنگے وکیلوں کی فیسیں ادا کرنے کی سکت نہیں رکھتے، ان کے کیسز عدالتوں میں بالکل مفت لڑوں گا۔ خیال رہے کہ عوامی مسلم لیگ کے سربراہ اور ماضی میں کئی بار وفاقی وزیر رہنے والے شیخ رشید احمد اپنی مخصوص سیاسی پیشگوئیوں اور راولپنڈی کی سیاست میں گہری دلچسپی کی وجہ سے جانے جاتے ہیں، وہ اب عدالتوں میں سائلین کے حقوق کے لیے آواز اٹھاتے ہوئے بھی نظر آئیں گے، ان کے اس فیصلے کو عوامی اور قانونی حلقوں میں دلچسپی کی نظر سے دیکھا جارہا ہے۔

بقیہ 29

گریڈیشن پراجیکٹ سے متعلق جائزہ اجلاس ہوا، جس میں نیشنل پولیس اکیڈمی کی اپ گریڈیشن کے سلسلے میں جاری منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایلیٹ سکول کی فائرنگ رینج اور باونڈری وال کو 2 ماہ میں مکمل کرنے کا ٹاسک دیا گیا۔ دوران اجلاس نیشنل پولیس اکیڈمی کو مرحلہ وار سولر انرجی پر منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا، ایم ایس سی کورس پر نظر ثانی کی اصولی منظوری دی گئی، تمام کلاس رومز کو جدید آئی ٹی سہولیات سے لیس کرنے کی ہدایت بھی کی گئی۔ ڈی جی ایف آئی اے، چیئر مین سی ڈی اے، آئی جی اسلام آباد پولیس، ڈپٹی کمانڈنٹ نیشنل پولیس اکیڈمی، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد اور دیگر اعلیٰ افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 30

سال خلیفہ رہے، باغیوں نے ظلما حضرت عثمان غنی کو شہید کیا، جمعرات 4 جون کو حضرت عثمان غنی کے یوم شہادت پر فیصل آباد میں بھی مدح صحابہ جلوس ہوگا، عوام الناس نے حکومت پاکستان سے یہ مطالبہ کیا کہ حکومت پاکستان 18 ذی الحجہ کو فیصل آباد سمیت ملک بھر میں عام تعطیل کا اعلان کرے، بعد ازاں فیصل آباد سٹی میں حضرت عثمان غنی کے یوم شہادت پر پینا فلیکس اور اشتہار لگائے جارہے ہیں، شہر میں پروگرامز کا سلسلہ بھی جارے گا۔

بقیہ 31

اسی حالت میں ہی موجود ہے جبکہ اس کے ڈیزائن میں مختلف تبدیلیاں کر کے اسے ہلکا پھلکا بنانے کی کوشش بھی کی جاتی رہی ہے۔ سائیکل نے ٹیکنالوجی کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے سائیکل کے بعد موٹر سائیکل بنانے کا آئیڈیا سائیکل سے ہی لیا گیا۔ تاریخ کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ سائیکل یورپ کی ایجاد ہے 1817ء میں جرمن کے کارل فان ڈائس نامی شخص نے سائیکل بنانے کا فارمولہ لوگوں کے سامنے پیش کیا جسے فرانس کے رہائشی دو بھائیوں پیری مائچاکس اور پیری لالمینٹ نے عملی شکل میں تیار کیا۔

بقیہ 32

سے بحفاظت بازیاب کروالیا، پولیس نے تحقیقات کا دائرہ کار وسیع کر دیا۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کا کہنا تھا کہ خاتون کو بحریہ ٹاؤن کے ایک ہوٹل سے بحفاظت بازیاب کرایا گیا، خاتون مبینہ طور پر فراڈیے ٹور آپریٹرز کے جھانسے میں آئی تھی، واقعے کے مزید حقائق جاننے کیلئے تحقیقات کا دائرہ کار وسیع کر دیا گیا، ڈی آئی جی آپریشنز نے ایس پی کینٹ کو واقعے کے تمام پہلوؤں کی تصدیق اور مزید تفتیش کی ہدایت کردی۔

بقیہ 33

75 لاکھ جانوروں کی کھالوں سے 8.7 ارب روپے (31 ملین ڈالر) کی معاشی سرگرمی متوقع ہے۔ اندازوں کے مطابق 28 لاکھ گائے اور بیل، 43 لاکھ بکرے، 5 لاکھ بھیڑیں اور 30 ہزار اونٹ قربان کیے گئے، جن کی کھالیں ملکی چمڑے کی صنعت کے لیے قیمتی خام مال فراہم کریں گی۔ رپورٹس کے مطابق گزشتہ ایک دہائی کے دوران قربانی کے جانوروں کی تعداد میں 17 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جو ملک میں صارفین کے اعتماد اور خریداری کی صلاحیت میں بہتری کا مظہر ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ قربانی کے جانوروں کی بڑھتی ہوئی تعداد دیہی اور شہری معیشت میں سرگرمیوں کے فروغ کا واضح اشارہ ہے۔ چمڑے کی صنعت میں گزشتہ چند برسوں کے دوران نمایاں تبدیلی دیکھی گئی ہے، جہاں خام کھالوں کی فروخت کے بجائے ویلیو ایڈڈ مصنوعات کی تیاری اور برآمدات پر زیادہ توجہ دی جا رہی ہے۔ اسی حکمت عملی کے نتیجے میں پاکستان کی چمڑے سے تیار شدہ مصنوعات اور جوتوں کی برآمدات کا حجم 694.20 ملین ڈالر تک پہنچ چکا ہے۔ معاشی ماہرین کے مطابق حکومت چمڑے کی صنعت کو مزید جدید اور مسابقتی بنانے کے لیے خام مال کی فراہمی سے آگے بڑھ کر تیار مصنوعات کی پیداوار اور برآمدات میں اضافے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ اس سے نہ صرف زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہوگا بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ ماہرین کا مزید کہنا ہے کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں اور ان کی کھالوں کی بڑھتی ہوئی تعداد ملک میں معاشی استحکام، عوامی اعتماد اور صنعتی ترقی کے مثبت رجحانات کی عکاس ہے، جبکہ کھالوں کی تجارت چمڑے کی صنعت کے فروغ اور قومی معیشت کی مضبوطی میں اہم کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 34

خلاف قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے مقدمہ درج کرلیا گیا عوامی اخلاقیات اور شہریوں کے امن وسکون کو متاثر کرنے والے عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے شہریوں کے پرامن ماحول میں خلل ڈالنے والوں کے ساتھ قانون کے مطابق سختی سے نمٹا جائے گا معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور قانون کی عملداری کے لیے بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 35

تھی جس نے تجاویز تیار کی ہیں۔ بحر سکیورٹی اقدامات کو لازم قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ 36

دہندگان پیدا کرنے کا حوصلہ رکھتا ہو، آئندہ بجٹ میں فضول خرچیاں روک کر صرف انتہائی ناگزیر آپریشنل اخراجات بجٹ کا حصہ بنائے جائیں اور سود کی ادائیگی کے ہوائی نہیں بلکہ حقیقت پسندانہ اہداف طے کیے جائیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت کو بجٹ میں صنعتوں کے لیے کاروباری لاگت کم کرنے کے عملی اقدامات کرنا ہوں گے تاکہ مقامی پیداوار میں اضافہ اور برآمدات کو فروغ مل سکے۔

بقیہ 37

فتار کرلیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق اس نیٹ ورک کی سرغنہ کو کامران چورنگی کے پاس سے اس وقت حراست میں لیا گیا جب وہ منشیات کی سپلائی میں مصروف تھی۔ گرفتار ملزمہ ماضی میں کراچی کے علاقے سہراب گوٹھ میں منشیات کا سب سے بڑا نیٹ ورک چلانے کی شہرت رکھتی ہے۔ پولیس کے پے درپے چھاپوں اور دباؤ کے بعد وہ گلستان جوہر منتقل ہوگئی تھی، جہاں اس نے اپنے گھر کی کھڑکی سے منشیات فراہم کرنے کا انوکھا طریقہ کار اختیار کر رکھا تھا تاکہ گرفتاری سے بچ سکے۔ پولیس کا دعویٰ ہے کہ ملزمہ ہیروئن، چرس اور دیگر مہلک منشیات کا دھندہ کرتی ہے اور اس کے خلاف پہلے ہی 35 مقدمات درج ہیں۔ ملزمہ چند سال قبل بھی گرفتار ہو کر جیل جا چکی ہے اور دو سال قبل ہی جیل سے رہا ہو کر باہر آئی تھی۔

بقیہ 38

پارٹی صدر چودھری شجاعت حسین نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ مسلم لیگ کے دور حکومت میں گلگت بلتستان میں جدید انفرا سٹرکچر، شاہراہوں، تعلیم اور صحت کے شعبوں میں ریکارڈ ترقیاتی کام ہوئے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ نعروں اور کھوکھلے وعدوں کے بجائے جماعتوں کی عملی کارکردگی کو دیکھ کر اپنے ووٹ کا فیصلہ کریں۔ چودھری شجاعت حسین نے گلگت بلتستان کے عوام کی حب الوطنی اور آزادی کے لئے دی جانے والی قربانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ 39

سرگرمیاں اور منصوبے متاثر نہ ہوں، امید ہے کہ گزشتہ مالی سال کے برابر بجٹ 425 ارب روپے برقرار رکھا جائے گا۔ محکمہ تعلیم کے مطابق مجموعی بجٹ کا تقریباً نوے فیصد حصہ ملازمین کی تنخواہوں اور مراعات پر خرچ ہو جاتا ہے، جس کے باعث ترقیاتی منصوبوں اور تعلیمی اصلاحات کے لئے محدود وسائل بڑا مالی چیلنج ہیں۔ محکمہ تعلیم سندھ نے نئے مالی سال کے لیے اپنی ترجیحات طے کر لی ہیں۔ اخراجات کے باوجود خاطر خواہ نتائج نہ دینے والے پرانے منصوبے ختم کرنے کی تجویز جبکہ مؤثر اور اہم منصوبوں پر زیادہ توجہ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ محکمہ تعلیم کی ارسال کی گئی جامع بجٹ تجاویز جن میں تعلیمی معیار کی بہتری، انفراسٹرکچر اور دیگر اہم شعبوں کے لئے سفارشات شامل ہیں۔

بقیہ 40

ایمپلائی بینیفٹ فنڈز کو بھی شامل کر دیا ہے تاہم یہ واضح نہیں کیا گیا کہ ان فنڈز کی نگرانی، منظوری اور ریگولیشن کا حتمی اختیار کس ادارے کے پاس ہوگا، نتیجتاً ادارے اس وقت پنجاب ٹرسٹ رجسٹریشن اتھارٹی، ایف بی آر، ایس ای سی پی اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان چکر لگانے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایف بی آر ٹیکس چھوٹ اور تصدیق شدہ پروویڈنٹ فنڈ کا درجہ دینے کے لیے الگ شرائط عائد کرتا ہے جبکہ پنجاب ٹرسٹ ایکٹ کے تحت نئی رجسٹریشن، این او سی اور اضافی قانونی دستاویزات طلب کی جارہی ہیں۔ ایس ای سی پی بعض معاملات میں کمپنی قوانین اور کارپوریٹ گورننس کے تقاضے سامنے رکھتا ہے جس سے نجی ادارے شدید کنفیوژن اور بے یقینی کا شکار ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر حکومت نے فوری طور پر واضح رولز آف بزنس، یکساں پالیسی اور ون ونڈو آپریشن متعارف نہ کرایا تو یہ بحران صرف نجی اداروں تک محدود نہیں رہے گا بلکہ لاکھوں ملازمین کی ریٹائرمنٹ سیکیورٹی خطرے میں پڑ سکتی ہے۔ مطالبہ ہے کہ پنجاب حکومت، ایف بی آر اور ایس ای سی پی فوری مشترکہ پالیسی جاری کریں تاکہ ایمپلائی بینیفٹ ٹرسٹس کے لیے واضح اور قابل عمل فریم ورک بنایا جاسکے۔

بقیہ 41

کے مطابق چھت گرنے سے ملبے تلے 7 بچے دب گئے تھے جن میں سے 6 بچے جاں بحق ہوگئے، جبکہ ایک بچی کو بحفاظت نکال لیا گیا۔ ریسکیو ٹیموں اور مقامی افراد نے امدادی کارروائیاں کرتے ہوئے ملبہ ہٹایا، امدادی کارروائیاں مکمل کرلی گئی ہیں

بقیہ 42

دولت، وصال حسین ولد نور حسین، لقمان ولد رحمان اللہ اور میہا دولد فضل حسین زخمی ہوگئے جنہیں علاج کے لیے کالام ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ کالام پولیس نے قانونی کارروائی کرتے ہوئے ہوٹل مالک اسلام شاہ کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے جبکہ دونوں واقعات کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 43

بناتے رہے۔

بقیہ 44

کہا کہ پارٹی میں " کھوٹے سکوں " کی کوئی اہمیت نہیں رہی۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ مسلم لیگ (ن) کے سرپرست اعلیٰ محمد فاروق قمر کوان کے اپنے مقامی پولنگ اسٹیشن پر بھی شکست ہوگی انہوں نے کہا کہ 33 سال قبل محمد فاروق قمر یونین کونسل کا الیکشن لڑ کر ناکام رہے تھے، جبکہ 2021 کے انتخابات میں ان کے صاحبزادے عمر فاروق بھی کامیابی حاصل نہ کر سکے۔

بقیہ 45

صرف اور صرف پاکستان کے ساتھ مشروط کرنا اور اہم ڈیٹا کی سکیورٹی کو یقینی بنانا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وفاقی حکومت نے سول سرونٹس کے لیے نئے اور سخت ترین رولز متعارف کروائے ہیں، نئے وفاقی قوانین کے تحت اگر کسی سرکاری ملازم نے اپنی دوہری شہریت یا غیر ملکی رہائشی اسٹیٹس کو چھپایا، تو وہ اپنی ملازمت سے ہاتھ دھو بیٹھے گا کیوں کہ نئے قوانین کے تحت تمام سرکاری ملازمین پر کڑی شرائط عائد کردی گئی ہیں۔ تمام سرکاری ملازمین کے لیے اب یہ لازمی ہوگا کہ وہ اپنی، اپنی شریک حیات (بیوی یا شوہر) اور زیر کفالت بچوں کی غیر ملکی شہریت، پاسپورٹس، مستقل رہائش یا امیگریشن اسٹیٹس کی مکمل تفصیلات حکومت کے سامنے ظاہر کریں، پہلے سے ملازمت میں موجود تمام سرکاری افسران کو اپنی یہ تمام تفصیلات جمع کرانے کے لیے 90 دن کی مہلت دی گئی ہے، نئے بھرتی ہونے والے ملازمین کے لیے لازم ہوگا کہ وہ اپنی تعیناتی کے وقت ہی یہ ڈیکلریشن جمع کرائیں اور اس کے بعد ہر سال باقاعدگی سے یہ تفصیلات فراہم کرتے رہیں۔ بتایا گیا ہے کہ حکومت نے غلط بیانی کرنے والوں کے خلاف انتہائی سخت تادیبی کارروائی کا فیصلہ کیا ہے، اگر کسی ملازم کی جانب سے جمع کرایا گیا ڈیکلریشن یا معلومات جھوٹی ثابت ہوئیں، تو اس کی سرکاری ملازمت کا آرڈر شروع سے ہی مکمل طور پر کالعدم تصور کیا جائے گا، غیر ملکی شہریت یا رہائشی اسٹیٹس کو دانستہ طور پر چھپانے کے عمل کو سول سرونٹس ایکٹ 1973ء کے تحت سنگین بدعنوانی اور مس کنڈکٹ شمار کیا جائے گا، جس کی سزا ملازمت سے فوری برطرفی ہے۔

بقیہ 46

کہ باہمی اعتماد، تعاون اور امن وخوشحالی کے لیے مشترکہ عزم پر مبنی ہیں۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ آنے والے برسوں میں یہ دوطرفہ تعلقات مزید فروغ پائیں گے۔

بقیہ 47

کالجوں میں بھرتیاں 9، 9 ماہ کی مدت کے لیے کی جائیں گی۔

بقیہ 48

کالجوں میں بھرتیاں 9، 9 ماہ کی مدت کے لیے کی جائیں گی۔ اس سے قبل گریجویٹ کالجوں میں 10 ماہ اور ایسوسی ایٹ کالجوں میں 6 ماہ کے لیے عارضی اساتذہ کی تقرریاں کی جاتی تھیں، تاہم نئی پالیسی کے تحت دونوں کیٹیگریز کے لیے مدت ملازمت یکساں 9 ماہ کردی گئی ہے۔

بقیہ 49

کالجوں میں بھرتیاں 9، 9 ماہ کی مدت کے لیے کی جائیں گی۔

بقیہ 50

ہے، جس کے ساتھ اسرائیلی فوجی کارروائیوں اور لبنانی حدود میں زمینی دراندازی میں بھی وسعت آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2000 مربع کلومیٹر جولبنان کا تقریباً 20 فیصد بنتا ہے، اب اسرائیل کے غیر قانونی قبضے میں ہے، انخلا کے غیر قانونی احکامات شہریوں کے لیے مزید بے پناہ مصائب کا باعث بن رہے ہیں۔ پاکستانی مندوب نے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ یہ وہی حکمت عملی، وہی طریقہ کار ہے جو ہم نے دیگر مقامات پر دیکھا ہے یعنی اندھا دھند قتل عام، جبری بے دخلی اور قبضہ۔

غریبوں کے کیس مفت لڑوں گا، شیخ رشید کی 50 سال بعد وکالت میں واپسی

میں باقاعدہ اپنے چیمبر میں بیٹھوں گا، وکالت کے میدان میں صرف پروفیشنل کام کے لیے آ رہا ہوں

اور بار کی سیاست یعنی بار الیکشنز میں حصہ لینے کا کوئی ارادہ نہیں ہے؛ سربراہ عوامی مسلم لیگ کی میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (یواین پی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ اور سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے سیاست کے ساتھ ساتھ اب ایک بار پھر اپنی وکالت کی پرانی پیشہ ورانہ زندگی کی طرف لوٹنے کا حیران کن فیصلہ کیا ہے، وہ پوری نصف صدی یعنی 50 سال کے طویل عرصے کے بعد دوبارہ کالا کوٹ پہن کر عدالتوں میں قانونی جنگ لڑتے نظر آئیں گے۔ تفصیلات کے مطابق سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے 50 سال بعد دوبارہ وکالت کے میدان میں انٹری دینے کا باقاعدہ فیصلہ کیا ہے، اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن راولپنڈی (بقیہ نمبر 2 8)

اسلام آباد، نیشنل پولیس اکیڈمی کے اپ گریڈیشن پراجیکٹ پر کام تیز

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا نیشنل پولیس اکیڈمی اسلام آباد کا دورہ

اسلام آباد (یواین پی) نیشنل پولیس اکیڈمی کے اپ گریڈیشن پراجیکٹ پر کام تیزی سے جاری ہے، ایلیٹ ٹریننگ سکول میں ریسلنگ ٹاور پر 80 فیصد، جاگنگ ٹریک اور اسٹیڈیکلو پر 70 فیصد کام مکمل کر لیا گیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نیشنل پولیس اکیڈمی اسلام آباد کا دورہ کیا۔ اس موقع پر وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت اپ (بقیہ نمبر 2 9)

جناح باغ میں گاہکوں کو راغب کرنے کے لیے ایک دکاندار روایتی موسم گرما کا مشروب (تھڈال) تیار کر رہا ہے

لاہور ایئرپورٹ سے اغوا ہونے والی سوئس نیشنل خاتون بازیاب

پولیس نے چند گھنٹوں میں سوئس نیشنل خاتون کو ہوٹل سے بحفاظت بازیاب کرا لیا

لاہور (یواین پی) لاہور ایئرپورٹ سے اغوا ہونے والی سوئس نیشنل خاتون بازیاب کرا لیا گیا اور ملزموں کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔ صوفیہ ماریہ ملر امریکا سے ترکش ایئر لائن کے ذریعے لاہور پہنچی تھی، تھانہ سرور روڈ پولیس نے نیپالی نیشنل شوہر کی درخواست پر خاتون کے اغوا کا مقدمہ درج کیا تھا۔ پولیس نے چند گھنٹوں میں سوئس نیشنل خاتون کو ہوٹل (بقیہ نمبر 2 1)

فیصل آباد تھانہ گلبرگ پولیس کی کارروائی

نجی کیفے میں غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث 3 ملزمان گرفتار

فیصل آباد (یواین پی) فیصل آباد تھانہ گلبرگ پولیس کی کارروائی، نجی کیفے میں غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث 3 ملزمان گرفتار ملزمان نجی کیفے میں فحش ڈانس اور غیر قانونی لاؤڈ اسپیکر کے استعمال میں ملوث تھے پولیس ایچ او تھانہ گلبرگ انسپکٹر عبدالغفار نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے آفتاب، فیضان اور محمد علی کو گرفتار کر لیا ملزمان کے (بقیہ نمبر 3 4)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں (آج) سائیکل کی اہمیت کا عالمی دن منایا جائے گا

فیصل آباد (یواین پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں (آج) 3 جون کو سائیکل کی اہمیت کا عالمی دن منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد غریب افراد کی سواری سائیکل کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ دو پہیوں والی انسانی زور سے چلنے والی سائیکل انیسویں صدی کی ایجاد ہے۔ بسائیکل یوں تو غریبوں کی سواری ہے لیکن امیر طبقہ اسے ایکسرسائز کے طور پر بھی استعمال کرتا ہے۔ سینکڑوں برس قبل ایجاد ہونے والی سائیکل ابھی تک اپنی (بقیہ نمبر 3 1)

عیدالاضحیٰ پر کھالوں کی تجارت سے 8.7 ارب روپے کی معاشی سرگرمی متوقع

اسلام آباد (یواین پی) پاکستان میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی کھالوں کی خرید و فروخت ایک بڑی معاشی سرگرمی کی صورت اختیار کر چکی ہے، جو نہ صرف لاکھوں افراد کے روزگار کا ذریعہ بنتی ہے بلکہ ملکی چمڑا سازی اور برآمدی صنعت کے لیے بھی اہم بنیاد فراہم کرتی ہے۔ حکام کے مطابق رواں سال عیدالاضحیٰ پر قربانی کے تقریبا (بقیہ نمبر 3 3)

امیر المومنین حضرت عثمان غنیؓ کا یوم شہادت 18 ذی الحجہ ملک بھر میں عقیدت و احترام سے منایا جائے گا

لاہور (یواین پی) داماد رسول ﷺ، امیر المومنین حضرت عثمان غنیؓ کا یوم شہادت 18 ذی الحجہ ملک بھر میں عقیدت و احترام سے منایا جائے گا، اس دن ملک بھر میں مدح صحابہ جلوس، جلسے اور سیمینار ہوں گے، حضرت عثمان غنیؓ کے نکاح میں رسول اکرم ﷺ کی دو صاحبزادیاں آئیں، آپ نے 44 لاکھ مربع میل زمین پر اسلامی خلافت قائم کی، آپ 12 (بقیہ نمبر 3 0)

اسلام آباد۔ کسان اتحاد پاکستان کے مرکزی چیئرمین خالد حسین باٹھ و دیگر کے ہمراہ بجٹ کے حوالے سے کسانوں کے خدشات، شوگر ملوں کے چینی ایکسپورٹ کرنے کے حوالے سے نیشنل پریس کلب میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی ضلع کوٹلی کی تمام چھ نشستوں پر کامیابی حاصل کرے گی: زاہد بے نظیر

حلقہ LA-13 کھوئی رٹہ سے پارٹی امیدوار محمد ولید انقلابی کو بھاری اکثریت سے کامیاب

کھوئی رٹہ (یواین پی) پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے سینئر رہنما زاہد بے نظیر نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ضلع کوٹلی کی تمام چھ نشستوں پر کامیابی حاصل کرے گی انہوں نے کہا کہ حلقہ LA-13 کھوئی رٹہ سے پارٹی امیدوار محمد ولید انقلابی کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں گے زاہد بے نظیر نے مسلم لیگ (ن) کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے (بقیہ نمبر 4 4)

زیادتی کا شکار 18 سالہ گھریلو ملازمہ اسقاط حمل کے دوران جاں بحق

متاثرہ ملازمہ سروسز ہسپتال میں دو روز تک زیر علاج رہی تاہم جانبر نہ ہو سکی

لاہور (یواین پی) ماڈل ٹاؤن کے علاقے میں اجتماعی زیادتی کا شکار 18 سالہ گھریلو ملازمہ اسقاط حمل کے دوران جان کی بازی ہار گئی۔ پولیس نے اجتماعی زیادتی کے مقدمے میں قتل کی دفعات بھی شامل کر لی ہیں۔ پولیس کے مطابق متاثرہ لڑکی کے تحریری اور ویڈیو بیانات کی روشنی میں اجتماعی زیادتی کا مقدمہ درج کیا گیا۔ ویڈیو بیان میں لڑکی نے الزام عائد کیا کہ مالک مکان کا بیٹا اور گھر کا ڈرائیور گزشتہ پانچ ماہ سے اسے زیادتی کا نشانہ (بقیہ نمبر 4 3)

فٹبالی موڑ پر گاہکوں کو متوجہ کرنے کے لیے ایک ریڑھی بان اپنی ریڑھی پر آم سجا کر لگا رہا ہے۔

مانانوالہ، حقیقی بھائی کی فائرنگ سے 2 بھائی جاں بحق اور ایک شدید زخمی

ریسکیو ٹیموں نے شدید زخمی شخص کو فرسٹ ایڈ فراہم کرتے ہوئے ہسپتال شفٹ کر دیا

مانانوالہ (یواین پی) حقیقی بھائی کی فائرنگ سے 2 بھائی جاں بحق اور ایک شدید زخمی، فائرنگ کا واقعہ ڈیرہ نیالہ والا نزد انٹرلوپ ڈیریز جھبراں منڈی پیش آیا۔ نامعلوم وجہ سے بھائیوں کا آپس میں جھگڑا ہوا۔ ریسکیو ٹیموں نے جاں بحق افراد کی نعشوں کو پولیس کے حوالے کر دیا، ریسکیو ٹیموں نے شدید زخمی شخص کو فرسٹ ایڈ فراہم کرتے ہوئے ہسپتال شفٹ کر دیا۔ جاں بحق افراد کی شناخت 26 سالہ عظیم حیدر، 28 سالہ وسیم حیدر جبکہ شدید زخمی کی شناخت 30 سالہ انعام حیدر پسران منیر احمد سے ہوئی۔

☆☆☆

شانگلہ، کچے مکان کی چھت گرنے سے 6 بچے جاں بحق، ایک کو زندہ نکال لیا گیا

جاں بحق ہونے والوں میں 4 بچیاں اور 2 بچے شامل، عمریں 4 سے 15 سال کے درمیان تھیں

شانگلہ (یواین پی) شانگلہ کے علاقے رحیم آباد باسی میں کچے مکان کی چھت گر گئی جس کے نتیجے میں چھ بچے جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق مکان کے ملبے تلے دب کر 6 بچے جاں بحق ہو گئے۔ حکام نے بتایا کہ مکان کی چھت گرنے کا واقعہ گزشتہ رات پیش آیا تھا۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ جاں بحق ہونے والوں میں 4 بچیاں اور 2 بچے شامل ہیں، جن کی عمریں 4 سے 15 سال کے درمیان تھیں، ایک بچی کو زندہ نکال لیا گیا۔ حکام (بقیہ نمبر 4 1)

لاہور: ریس کورس پارک میں تفریح کے لیے آئے ہوئے زائرین چھٹی کا دن گزارنے کے دوران ایک فیملی کشتی رانی سے لطف اندوز ہو رہی ہے۔

مختلف محکموں کے ملازمین کے اربوں کے بینیفٹ فنڈز منجمد ہونے پر تشویش کا اظہار

پنجاب حکومت، ایف بی آر، ایس ای سی پی فوری مشترکہ پالیسی جاری کریں' لاہور ٹیکس بار

لاہور (یواین پی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے واضح قواعد و ضوابط نہ ہونے، مختلف اداروں کے متضاد تقاضوں اور رجسٹریشن کے پیچیدہ عمل کی وجہ سے مختلف محکموں کے ملازمین کے اربوں روپے کے بینیفٹ فنڈز عملاً منجمد ہونے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری محمد فاروق ٹھجرنے کہا کہ پنجاب ٹرسٹ ایکٹ 2020 کے تحت ٹرسٹس کی لازمی رجسٹریشن تو نافذ کر دی گئی مگر حکومت آج تک ایسا موثر طریق کار نہیں دے سکی جس کے تحت پروویڈنٹ فنڈ، گریجویٹی فنڈ اور سپر انیویشن ٹرسٹس آسانی سے قانونی تقاضے پورے کر سکیں۔ پنجاب حکومت نے 2022 کی ترامیم کے ذریعے پیشلائزڈ ٹرسٹس میں (بقیہ نمبر 5 0)

آئندہ بجٹ میں کرپٹو صارفین پر 30 فیصد تک ٹیکس لگانے کی تجویز

حکومت ابتدائی مراحل میں بڑی ٹرانزیکشنز پر کرپٹو صارفین کیلئے گین ٹیکس عائد کرنے کی تیاری کر رہی ہے،

حکومت کی جانب سے حتمی منظوری فنانس بل 2026ء میں دیئے جانے کا امکان ہے؛ رپورٹ

اسلام آباد (یواین پی) آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ میں کرپٹو صارفین پر کیپٹل گین ٹیکس لگانے کی تجویز پر غور شروع کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کابینہ کے اہم رکن نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ پاکستان ورچوئل ایسٹ ریگولیٹری اتھارٹی کو ہدایات دی گئی تھی کہ کرپٹو صارفین پر ٹیکس اقدامات تجویز کیے جائیں، کرپٹو صارفین کی تعداد، ٹرانزیکشنز، ٹیکس میکنزم کیلئے کمیٹی بھی قائم کی گئی (بقیہ نمبر 3 5)

پنکی کے بعد کراچی سے ایک اور بڑی خاتون منشیات فروش گرفتار

کراچی (این ای این) کراچی کے علاقے گلستانِ جوہر میں پولیس نے ایک بڑی اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروشی کے گھناؤنے کاروبار میں ملوث اور درجنوں مقدمات میں مطلوب انتہائی خطرناک خاتون کو اس کے دو بیٹوں سمیت گرفتار (بقیہ نمبر 3 7)

فضول خرچیاں روک کر صرف انتہائی ناگزیر آپریشنل اخراجات بجٹ کا حصہ بنائے جائیں

امید ہے بجٹ کاروبار، صنعت دوست، معیشت کی حقیقی ضروریات سے ہم آہنگ

لاہور (یواین پی) فاؤنڈرز گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ وفاق اور صوبوں کے ٹیلسیشن کے نظام کی وجہ سے اس وقت چار الگ نظام ہیں جس کی وجہ سے انتظامی کھچڑی بن گئی ہے، ایک ایسا منصفانہ، شفاف اور خامیوں سے پاک ٹیکس نظام لایا جائے جو چوروں کو پکڑنے اور ایماندار ٹیکس (بقیہ نمبر 3 6)

گرمی کی شدت سے بچنے کے لیے ایک نوجوان ہالانا کا کے مقام پر نہر میں چھلانگ لگا رہا ہے۔

گلگت بلتستان انتخابات، ق لیگ کی 10 امیدواروں کیساتھ انتخابی مہم تیز

پارٹی صدر نے تعمیر و ترقی کی بنیاد پر عوام سے 7 جون کو ٹریکٹر کے نشان پر مہر لگانے کی اپیل کر دی

گلگت (یواین پی) چودھری شجاعت حسین کی ہدایت پر پاکستان مسلم لیگ ق نے گلگت بلتستان میں 10 امیدواروں کے ساتھ انتخابی مہم تیز کر دی۔ انتخابی مہم کی نگرانی چودھری سالک حسین اور چودھری شافع حسین کر رہے ہیں، پارٹی صدر نے تعمیر و ترقی کی بنیاد پر عوام سے 7 جون کو ٹریکٹر کے نشان پر مہر لگانے کی اپیل کر دی۔ پاکستان مسلم لیگ ق کے صدر چودھری شجاعت حسین کی خصوصی ہدایت پر گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں بشمول سکردو اور گلگت میں پارٹی کی انتخابی مہم عروج پر پہنچ گئی، مرکزی رہنماؤں نے عوامی رابطہ مہم کو تیز کر دیا۔ (بقیہ نمبر 3 8)

محکمہ تعلیم سندھ نے بجٹ تجاویز حکومت کو ارسال کر دیں

وزیر اعلیٰ سندھ سے درخواست کی ہے کہ تعلیم کے موجودہ بجٹ میں کٹوتی نہ کی

کراچی (یواین پی) محکمہ تعلیم سندھ نے اپنی بجٹ تجاویز حکومت کو ارسال کر دیں۔ محکمہ تعلیم سندھ کے حکام کے مطابق عالمی دنیا میں جنگی صورتحال کے باعث ملکی معیشت دباؤ کا شکار ہو سکتی ہے جس کے اثرات آئندہ مالی سال کے بجٹ پر بھی مرتب ہونے کا خدشہ ہے، اسی وجہ سے تعلیم کے بجٹ میں نمایاں اضافے کی توقع کم ہے۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ وزیر اعلیٰ سندھ سے درخواست کی ہے کہ تعلیم کے موجودہ بجٹ میں کٹوتی نہ کی جائے تاکہ جاری تعلیمی (بقیہ نمبر 3 9)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

ڈھری شہریت یا غیر ملکی رہائش چھپانے پر سرکاری ملازمین کو نوکری سے فارغ ہونا پڑے گا

تمام سرکاری ملازمین کیلئے اب لازمی ہوگا کہ وہ اپنے شریکِ حیات و زیرِ کفالت بچوں کی غیر ملکی شہریت،

پاسپورٹس، مستقل رہائش یا امیگریشن اسٹیٹس کی مکمل تفصیلات ظاہر کریں، نئے سخت قوانین متعارف

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی حکومت نے بیوروکریسی اور سرکاری ملازمین کے حوالے سے ایک انتہائی سخت اور تاریخی فیصلہ کیا ہے، جس کے تحت اب دوہری شہریت یا غیر ملکی رہائش چھپانے والے سرکاری افسران کو نوکریوں سے فارغ کر دیا جائے گا، اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی جانب سے نئے قوانین متعارف کروا دیئے، اس اقدام کا بنیادی مقصد ملکی مقتدر حلقوں اور اہم سرکاری عہدوں پر بیٹھے افراد وفاداری کو (بقیہ نمبر 45)

ایک مقامی میرج ہال میں مدینہ فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام 35 مستحق جوڑوں کو رشتہ ازدواج میں منسلک کرنے کے لیے اجتماعی شادیوں کی تقریب کے دوران دلہنیں اسٹیج پر بیٹھی ہیں۔

صدر مملکت کی اٹلی کی قیادت کو یوم جمہوریہ پر مبارکباد

اسلام آباد (یواین پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اٹلی کے صدر سرجیو میتاریلا اور اٹلی کے عوام کو یوم جمہوریہ پر مبارکباد دیتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ آنے والے برسوں میں پاکستان اور اٹلی کے درمیان دوطرفہ تعلقات مزید فروغ پائیں گے۔ منگل کو ایوانِ صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے اپنے تہنیتی پیغام میں کہا کہ پاکستان اٹلی کے ساتھ اپنے دیرینہ دوستانہ تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے جو (بقیہ نمبر 4 6)

علامہ اقبال میڈیکل کالج کا سکیورٹی گارڈ مبینہ تشدد سے جاں بحق

موٹر سائیکل سواروں نے گیٹ پر روکے جانے پر سکیورٹی گارڈ پر مبینہ تشدد کیا

لاہور (یواین پی) علامہ اقبال میڈیکل کالج کا سکیورٹی گارڈ مبینہ تشدد سے جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق زیر نامی سکیورٹی گارڈ نے کالج کے گیٹ پر موٹر سائیکل سواروں کو روکا، موٹر سائیکل سواروں نے تلخ کلامی ہونے پر سکیورٹی گارڈ پر مبینہ تشدد کیا، حالت غیر ہونے پر سکیورٹی گارڈ کو ہسپتال کی ایمرجنسی میں منتقل کیا گیا مگر وہ جانبر نہ ہو سکا۔ (بقیہ نمبر 4 8)

ماہانہ معاوضہ 50 ہزار سے بڑھا کر 65 ہزار کرنے کا فیصلہ

فیصل آباد (یواین پی) سرکاری کالجوں میں 9 ہزار سے زائد عارضی اساتذہ کی بھرتی کے معاملے پر محکمہ ہائر ایجوکیشن نے بھرتی پالیسی میں اہم تبدیلیوں کا فیصلہ کر لیا ہے، جس کے تحت عارضی اساتذہ کے معاوضے میں اضافہ کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق عارضی اساتذہ کا ماہانہ معاوضہ 50 ہزار روپے سے بڑھا کر 65 ہزار روپے کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جبکہ گریجویٹ اور ایسوسی ایٹ (بقیہ نمبر 4 7)

شوکت یوسفزئی کی پی ٹی آئی رہنماؤں کے ناراض ہونے کی تصدیق

علی امین گنڈا پور نے خود بانی پی ٹی آئی کے کہنے پر استعفیٰ دیا

اسلام آباد (یواین پی) شوکت یوسفزئی نے پی ٹی آئی رہنماؤں کے ناراض ہونے کی تصدیق کر دی۔ رہنما تحریک انصاف شوکت یوسفزئی نے نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا ناراضگی کا مطلب الگ گروپ بنانا نہیں، حکومت کو بھی کوئی خطرہ نہیں۔ وزیر اعلیٰ چند ناراض افراد کو راضی کر رہے ہیں، رہنماؤں کے چھوٹے چھوٹے مسائل ہیں، (بقیہ نمبر 4 9)

اسرائیل خود مختاری کا احترام کرتے ہوئے لبنانی حدود سے نکل جائے، پاکستان

2000 مربع کلومیٹر جو لبنان کا تقریباً 20 فیصد بنتا ہے، اب اسرائیل کے غیر قانونی قبضے میں ہے

جنگ بندی انتظامات اور براہ راست بات چیت کے باوجود لبنان میں سکیورٹی اور انسانی صورت حال انتہائی تیزی سے بگڑ رہی ہے

نیویارک (یواین پی) پاکستان نے لبنان کی صورت حال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس کی خودمختاری اور علاقائی سلامتی کے احترام، فوری جنگ بندی اور اقوام متحدہ کی قرارداد پر مکمل عمل درآمد کا مطالبہ کیا ہے، جس میں اسرائیل کی بلیو لائن تک مکمل واپسی بھی شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار اقوام متحدہ میں مستقل پاکستانی مندوب عاصم افتخار احمد نے لبنان کی صورت حال پر سلامتی کونسل کے ہنگامی اجلاس کے دوران کیا۔ پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے کہا کہ اسرائیل اور لبنان کے درمیان جنگ بندی کے انتظامات اور براہ راست بات چیت کے باوجود، لبنان میں سکیورٹی اور انسانی صورت حال انتہائی تیزی سے بگڑ رہی (بقیہ نمبر 5 0)

سوات، گھر اور ہوٹل کی چھت گرنے سے دو بچیوں سمیت 3 افراد جاں بحق

کالام پولیس نے قانونی کارروائی کرتے ہوئے ہوٹل مالک اسلام شاہ کے خلاف مقدمہ درج

سوات (این ای این) سوات کے علاقوں چارباغ اور پلوگاہ کالام میں پیش آنے والے دو المناک حادثات میں دو کمسن بچیوں سمیت تین افراد جاں بحق جبکہ ماں بیٹی سمیت چھ افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 اور پولیس کے مطابق تحصیل چارباغ کے علاقے گنڈ ھیرئی میں انور نامی شخص کا کچا گھر منہدم ہونے سے اس کی دو بیٹیاں 8 سالہ شمیما اور 6 سالہ منال ملبے تلے دب کر جاں بحق ہو گئیں جبکہ ایک بیٹی حورین اور بیوی شدید زخمی ہوئی۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ڈیزاسٹر ریسپانس اور میڈیکل ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور مقامی افراد کے تعاون سے متاثرین کو ملبے سے نکال کر زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ٹی ایچ کیو ہسپتال منگلور منتقل کر دی۔ دوسری جانب وادی کالام کے علاقے پلوگاہ میں واقع دیس پردیس ہوٹل کی چھت گرنے سے 32 سالہ سیاح وقاص ولد سید عالم سکنہ گڑھی عثمان خیل درگئی ملاکنڈ ملبے تلے دب کر جاں بحق ہو گیا جبکہ اس کے دیگر ساتھی مزمل ولد (بقیہ نمبر 42)

فوری ضرورت

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

عوامی ہوسٹ

اپنے کاروبار کے لیے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ!

صرف -5000/- روپے میں

(یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے)

ہوسٹنگ پیکج کے فیچرز

- Free .com Domain
- Free SSL Certificate
- 1-Click WordPress Installer
- Unlimited Space & Bandwidth
- Unlimited Email Accounts
- Unlimited MySQL databases
- Unlimited Subdomains
- Latest Version of PHP, MYSQL, and cPanel
- 24/7/365 Support
- 100% Up time Guarantee
- Free/Instant Setup

- News Website
- Business Website
- School Website
- TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا۔

E-Commerce Website - Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035